6. تیز	سریع
7. سست	کاہل
8. عقل مند	دانش مند
9. علم	معرفت
10. محبت	پیار
11. نفرت	عداوت
12. روشنی	نور
13. اندھیرا	تاریکی
14. آب	پانی
15. آگ	آتش
16. زمین	ارض
17. آسمان	فلک
18. انسان	بشر
19. دوست	رفیق
20. دشمن	مخالف
21. گھر	مکان
22. راستہ	راہ
23. وقت	زمان
24. کام	عمل
25. مکالمہ	گفتگو
26. تحریر کرنا	لکھنا
27. مشاہدہ کرنا	دیکھنا
28. سماعت	سننا

29. جاگنا	بیدار
30. سوچنا	غور کرنا
31. دینا	عطا کرنا
32. رکھنا	محفوظ کرنا
33. ہنسنا	مسکرانا
34. رونا	گریہ کرنا
35. ڈر	خوف
36. محنت	کوشش
37. آرام	سکون
38. غصہ	غضب
39. خوشبو	عطر
40. صدا	آواز
41. استاد	معلم
42. شاگرد	طالب علم
43. بادشاہ	سلطان
44. ملکہ	شہزادی
45. سپاہی	فوجی
46. جنگ	لڑائی
47. امن	سکون
48. انصاف	عدل
49. سچ	حقیقت
50. کذب	جھوٹ

الفاظ متضاد

درج الفاظ کے متضاد لکھیں۔

الفاظ	متضاد
1۔دن	رات
2۔اچھا	برا
3۔اونچا	نیچا
4۔روشنی	اندھیرا
5۔سچ	جھوٹ
6۔خوش	غمگین
7۔آسان	مشکل
8۔جلدی	دیر
9۔تیز	سست
10۔نیا	پرانا
11۔قریب	دور
12۔زیادہ	کم
13۔کھلا	بند
14۔اوپر	نیچے
15۔اندر	باہر
16۔زندہ	مردہ
17۔امیر	غریب
18۔کامیاب	ناکام
19۔صاف	گندا
20۔ہلکا	بھاری
21۔مضبوط	کمزور
22۔میٹھا	کڑوا
23۔کھٹا	میٹھا
24۔دوست	دشمن
25۔بہادر	بزدل
26۔سچا	جھوٹا
27۔ہنسنا	رونا

28۔جیت	ہار
29۔آغاز	انجام
30۔زندگی	موت
31۔خوشی	غمی
32۔تعلیم	جہالت
33۔محبت	نفرت
34۔روشنی	تاریکی
35۔امید	ناامیدی
36۔صبر	بے صبری
37۔وفا	بے وفائی
38۔طاقت	کمزوری
40۔صحت	بیماری
41۔ترقی	تنزلی
42۔آزادی	غلامی
43۔انصاف	ناانصافی
44۔مہربانی	سختی
45۔خوبصورت	بد صورت
46۔حقیقت	کہانی
47۔کامیابی	ناکامی
48۔بلندی	پستی
49۔عزت	ذلت
50۔بہادری	بزدلی

مذکر مونث

مذکر	مونث
1۔لڑکا	لڑکی
2۔مرد	عورت
3۔باپ	ماں
4۔بیٹا	بیٹی
5۔بھائی	بہن
6۔چچا	چچی
7۔ماموں	ممانی
8۔دادا	دادی
9۔شوہر	بیوی
10۔استاد	استانی
11۔شاگرد	شاگردہ
12۔مالک	مالکن
13۔نوکر	نوکرانی
14۔بادشاہ	ملکہ
15۔شہزادہ	شہزادی
16۔دولہا	دلہن
17۔دوست	سہیلی
18۔عاشق	عاشقہ
19۔خادم	خادمہ
20۔گلوکار	گلوکارہ
21۔اداکار	اداکارہ
22۔مصنف	مصنفہ
23۔شاعر	شاعرہ
24۔مقرر	مقررہ
25۔قاری	قاریہ
27۔حافظ	حافظہ
28۔عالم	عالمہ
29۔طالب علم	طلبہ

30۔ معلم	معلمہ
31۔ سردار	سردارنی
32۔ رئیس	رئیسانی
33۔ فقیر	فقیرنی
34۔ امیر	امیرن
35۔ مجرم	مجرمہ
36۔ قاتل	قاتلہ
37۔ قاضی	قاضیہ
38۔ چرواہا	چرواہن
39۔ جولاہا	جولاہن
40۔ کمہار	کمہارن
41۔ شکاری	شکارن
42۔ شیر	شیرنی
43۔ ہاتھی	ہتھنی
44۔ بیل	گائے
45۔ راجہ	رانی
46۔ جوگی	جوگن
47۔ قاصد	قاصدہ
48۔ عابد	عابدہ
49۔ فاضل	فاضلہ
50۔ زاہد	زاہدہ

واحد جمع

واحد	جمع
1۔کتاب	کتابیں
2۔لڑکا	لڑکے
3۔لڑکی	لڑکیاں
4۔کمرہ	کمرے
5۔کرسی	کرسیاں
6۔استاد	اساتذہ
7۔گاڑی	گاڑیاں
8۔سبق	اسباق
9۔لفظ	الفاظ
10۔جملہ	جملے
11۔کہانی	کہانیاں
12۔نظم	نظمیں
13۔غزل	غزلیں
14۔خط	خطوط
15۔روٹی	روٹیاں
16۔سبزی	سبزیاں
17۔ملک	ممالک
18۔دکان	دکانیں
19۔آنکھ	آنکھیں
20۔انگلی	انگلیاں
21۔بلی	بلیاں
22۔ملازم	ملازمین
23۔وکیل	وکلا
24۔بارش	بارشیں
25۔رات	راتیں
26۔کانٹا	کانٹے
27۔باغ	باغات
28۔زمین	زمینیں

29۔جنگل	جنگلات
30۔جسم	اجسام
31۔حالت	حالات
32۔حدیث	احادیث
33۔حبیب	احباب
34۔چٹان	چٹانیں
35۔جریدہ	جریدے
36۔جد	اجداد
37۔جذبہ	جذبات
38۔جرم	جرائم
39۔جواب	جوابات
40۔اصل	اصول
41۔اشارہ	اشارے
42۔اسم	اسما
42۔آلہ	آلات
43۔اجر	اجور
44۔حادثہ	حادثات
45۔حاشیہ	حاشیے
46۔حاجت	حاجات
47۔حاجی	حجاج
48۔دعا	دعائیں
49۔دین	ادیان
50۔دیوانہ	دیوانے

املا کی درستی

غلط املا	درست املا
1۔اژدہام	ازدحام
2۔حامی بھرنا	ہامی بھرنا
3۔پرواہ	پروا
4۔اعلانیہ	علانیہ
5۔جامعہ مسجد	جامع مسجد
6۔آذان	اذان
7۔برائے کرم	براہ کرم
8۔پائہ تخت	پائے تخت
9۔پہیا	پہیہ
10۔حیرانگی	حیرانی
11۔دوکان	دکان
12۔چوہدری	چودھری
13۔کاروائی	کارروائی
14۔خوردونوش	خورنوش
15۔شائد	شاید
16۔بگولہ	بگولا
17۔آسامی	اسامی
18۔آئیندہ	آئندہ
19۔بلکل	بالکل
20۔بلترتیب	بالترتیب
21۔بمع	مع
22۔ترجہیات	ترجیہات
23۔گذارش	گزارش
24۔ناراضگی	ناراضی
25۔سوئم	سوم
26۔درشتگی	درستی
27۔فی الواقعہ	فی الواقع
28۔مکتبہ فکر	مکتب فکر
29۔اڈہ	اڈا
30۔غرضیکہ	غرض کہ

جملوں کی درستی

غلط جملہ	درست جملہ
1۔عید الضحی مسلمانوں کا مذہبی تہوار ہے	عید الاضحی مسلمانوں کا مذہبی تہوار ہے
2۔السلام و علیکم کے بعد عرض ہے	السلام علیکم کے بعد عرض ہے۔
3۔مجھے تمھاری مخالفت کی پرواہ نہیں ہے	مجھے تمھاری مخالفت کی پروا نہیں ہے
4۔لاہور دریائے راوی کے کنارے واقعہ ہے	لاہور دریائے راوی کے کنارے واقع ہے
5۔مجھے ایک ضروری کام پڑھ گیا ہے	مجھے ایک ضروری کام پڑ گیا ہے
6۔ہم نے حساب کا قائدہ سیکھا	ہم نے حساب کا قاعدہ سیکھا
7۔وہ بلکل خاموش بیٹھا رہا	وہ بالکل خاموش بیٹھا رہا
8۔شاعریآنکھوں کو موتیوں سے تشبیح دیتا ہے	شاعر آنکھوں کو موتیوں سے تشبیہ دیتا ہے
9۔دونوں لڑکیاں کل صبح آئیں گیں	دونوں لڑکیاں کل صبح آئیں گی
10۔عورتیں سویٹر بن رہیں ہیں	عورتیں سویٹر بن رہی ہیں
11۔مجھے آپ کی یہ بات سن کر حیرانگی ہوئی	مجھے آپ کی یہ بات سن کر حیرانی ہوئی
12۔میں نے دو من گیہوں خریدا	میں نے دو من گیہوں خریدے
13۔یہاں ہر امراض کا علاج ہوتا ہے	یہاں ہر مرض کا علاج ہوتا ہے
14۔میں نے ہر ممالک کی سیر کی ہے	میں ہر ملک کی سیر کی ہے
15۔یہاں بہت بڑے اولیا اللہ تھے	یہاں بہت بڑے ولی اللہ تھے
14۔یہ دونوں اشعار بہت عمدہ ہیں	یہ دونوں شعر بہت عمدہ ہیں
15۔وہ کئی سالوں سے کراچی مقیم ہیں	وہ کئی سال سے کراچی میں مقیم ہیں
16۔دونوں فریقین نے آپس میں صلح کر لی	فریقین نے آپس میں صلح کر لی
17۔اسے ہر وقت تپ رہتا ہے	اسے ہر وقت تپ رہتی ہے
18۔جنابہ ہیڈ مسٹر صاحبہ	جناب ہیڈ مسٹریس صاحبہ
19۔اسے ابھی تک ہوش نہیں آئی	اسے ابھی تک ہوش نہیں آیا
20۔راشد نے کراچی جانا ہے	راشد کو کراچی جانا ہے۔

اسم ،فعل اور حرف

سوال:درج ذیل جملوں کو پڑھ کر اسم اور فعل کی نشاندہی کریں۔

اسم:کسی شخص ،چیز ،جگہ کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

فعل:کسی کام کے کرنے،ہونے یا سہنے کو فعل کہتے ہیں۔

	اسم	فعل
1۔**اسلم** نے کھانا کھایا	اسلم	کھایا
2۔ہم **لاہور** میں رہتے ہیں	لاہور	رہتے
3۔یہ **قلم** اچھا ہے	قلم	کوئی نہیں
4۔**علامہ اقبال** ہمارے قومی شاعر ہیں	علامہ اقبال،شاعر	کوئی نہیں
5۔**دریا** میں **پانی** بہت کم ہے	دریا ،پانی	کوئی نہیں
6۔**درخت** پر **پرندے** بیٹھے ہیں	درخت،پرندے	بیٹھے
7۔**مور جنگل** میں ناچا	مور ،جنگل	ناچا
8۔**استاد کمرے** میں نہیں بیٹھے تھے۔	استاد،کمرے	بیٹھے تھے
9۔باغ میں پھول کھلیں ہیں	باغ،پھول	کھلیں ہیں
10۔علی سکول جاتا ہے	علی،سکول	جاتا ہے
11۔بلی دودھ پی رہی ہے۔	بلی،دودھ	پی رہی ہے
12۔احمد کتاب پڑھ رہا ہے	احمد،کتاب	پڑھ رہا ہے
13۔میرا بھائی بازار گیا۔	میرا،بھائی،بازار	گیا۔
14۔استاد سبق پڑھا رہا ہے	استاد،سبق	پڑھا رہا ہے
15۔لڑکی پانی پی رہی ہے۔	لڑکی ،پانی	پی رہی ہے
16۔آسمان پر بجلی چمک رہی ہے۔	آسمان،بجلی	چمک رہی ہے
17۔آسمان پر بادل ہیں۔	آسمان،بادل	ہیں
18۔بچے کھیل رہے ہیں۔	بچے	کھیل رہے ہیں
19۔ماں کھانا بنا رہی ہے	ماں،کھانا	بنا رہی ہے
20۔ابو دفتر گئے ہیں۔	ابو،دفتر	گئے ہیں
21۔میں نے قلم خریدا	میں ،قلم	خریدا
22۔کمرے میں کرسی رکھی ہے۔	کمرے،کرسی	رکھی ہے
23۔علی نے گیند اچھالی	علی،گیند	اچھالی
24۔فاطمہ سکول گئی۔	فاطمہ ،سکول	گئی
25۔سورج چمک رہا ہے	سورج	چمک رہا ہے
26۔چاند آسمان پر چمک رہا ہے	چاند،آسمان	چمک رہا ہے
27۔گائے گھاس کھا رہی ہے۔	گائے،گھاس	کھا رہی ہے
28۔کسان کھیت میں کام کر رہا ہے۔	کسان ،کھیت	کام کر رہا ہے
29۔دریا کا پانی ٹھنڈا ہے۔	دریا پانی	ٹھنڈا ہے

30۔بچے پارک میں کھیل رہے ہیں۔	بچے،پارک	کھیل رہے ہیں
31۔استاد نے سوال پوچھا؟	استاد ،سوال	پوچھا
32۔علی سائیکل چلا رہا ہے؟	علی ،سائیکل	چلا رہا ہے
33۔پرندہ آسمان میں اڑ رہا ہے۔	پرندہ،آسمان	اڑ رہا ہے
34۔ہم مسجد میں گئے۔	ہم،مسجد	گئے
35۔علی نے دوست کو بلایا	علی،دوست	بلایا
36۔کتا بھونک رہا ہے۔	کتا	بھونک رہا ہے
37۔کھیت میں فصل تیار ہے۔	کھیت،فصل	تیار ہے
38۔گاڑی سڑک پر چل رہی ہے۔	گاڑی،سڑک	چل رہی ہے
39۔لڑکی نے پھول توڑا۔	لڑکی ،پھول	توڑا'
40۔بکری گھاس کھا رہی ہے۔	بکری،گھاس	کھا رہی ہے
41۔سکول میں چھٹی ہوگئی۔	سکول،چھٹی	ہوگئی
42۔لڑکے نے بیگ اٹھایا۔	لڑکے ،بیگ	اٹھایا
43۔استاد نے سبق سمجھایا۔	استاد،سبق	سمجھایا
44۔میں نے شربت پیا۔	میں ،شربت	پیا
45۔ماں نے کپڑے دھوئے	ماں،کپڑے	دھوئے
46۔علی نے کتاب خریدی۔	علی،کتاب	خریدی
47۔ہم نے پارک میں سیر کی۔	ہم،پارک،سیر	کی
48۔لڑکی نے گانا گایا۔	لڑکی،گانا	گایا
49۔استاد نے بچوں کو ڈانٹا۔	استاد ،بچوں	ڈانٹا
50۔علی نے کتاب میز پر رکھی۔	علی ،کتاب،میز	رکھی
51۔احمد کو استاد نے سبق سمجھایا تھا۔	احمد،استاد،سبق	سمجھایا تھا
52۔فاطمہ نے پانی گلاس میں ڈالا۔	فاطمہ ،پانی،گلاس	ڈالا
53۔بچے پارک میں کھیل رہے ہیں۔	بچے،پارک	کھیل رہے ہیں
54۔ماں نے کھانا چولہے پر پکایا۔	ماں،کھانا،چولہا	پکایا
55۔استاد نے طالبعلم سے سوال پوچھے۔	استاد،پالبعلم،سوال	پوچھے
56۔علی نے گیند دیوار پر دے ماری۔	علی ،گیند ،دیوار	دے ماری
57۔بلی نے دودھ پیالے میں پیا۔	بلی،دودھ،پیالے	پیا
58۔علی نے اسلم کو میسج کیا۔	علی،اسلم،میسج	کیا
60۔پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا۔	پٹرول، قیمتوں،اضافہ	ہو گیا
61۔کسان نے کھیت میں گندم کا بیج بویا۔	کسان،کھیت،گندم،بیج	بویا
62۔پرندے نے درخت پر گھونسلا بنایا۔	پرندے،درخت،گھونسلا	بنایا
63۔ہم نے مسجد میں نماز پڑھی۔	ہم،مسجد،نماز	پڑھی
64۔ابو نے لیپ ٹاپ کا تحفہ دیا۔	ابو،لیپ ٹاپ،تحفہ	دیا
65۔علی نے تصویر دیوار پر لگائی ۔	علی،تصویر،دیوار	لگائی

66۔لڑکے نے کتاب میز سے اٹھائی۔	لڑکے ،کتاب،میز	اٹھائی
67۔ہم نے کہانی کتاب میں پڑھی۔	ہم،کہانی،کتاب	پڑھی
68۔اکرم نے نیا آئی فون خریدا ہے۔	اکرم،نیا آئی فون	خریدا ہے
69۔علی ظفر نے گانا گایا۔	علی ظفر،گانا	گایا
70۔ماں نے کپڑے سکھانے کے لیے مشین لگائی۔	ماں،کپڑے،مشین	سکھانے،لگائی
71۔ہم نے فلم نیٹ فلکس سے دیکھی۔	ہم،فلم،نیٹ فلکس	دیکھی
72۔عالیہ نے بہت اچھی پینٹنگ بنائی ہے۔	عالیہ،پینٹنگ	بنائی ہے
73۔بلی نے چوہے کو مار دیا۔	بلی،چوہا	مار دیا
74۔احمد نے انسٹاگرام پر تصویر لگائی ہے۔	احمد،انسٹاگرام،تصویر	لگائی ہے
75۔گوگل سے معلومات حاصل کیجیے۔	گوگل،معلومات	حاصل کیجیے
76۔ہم نے زوم پر آنلائن کلاس پڑھی۔	ہم،زوم،آنلائن	پڑھی
77۔احمد نے فیس بک پر پوسٹ شئیر کی۔	احمد،فیس بک،پوسٹ	شئیر کی
78۔علی نے ایپ سے کھانا آڈر کیا۔	علی،کھانا، ایپ	آڈر کیا۔
79۔احمد نے ای میل کے ذریعے پیغام بھیجا۔	احمد،ای میل،پیغام	بھیجا
80۔استاد نے سمارٹ بورڈ پر لیکچر لیا۔	استاد،سمارٹ بورڈ،لیکچر	لیا
81۔علی نے انٹر نیٹ سے ویڈیو حاصل کی۔	علی،انٹرنیٹ،ویڈیو	حاصل کی
82۔فاطمہ نے بنک ایپ سے پیسے شیئر کیے۔	فاطمہ،بینک ایپ،پیسے	شئیر کیے
83۔بچے نے لیپ ٹاپ پر گیم کھیلی۔	بچے،لیپ ٹاپ ،گیم	کھیلی
84۔علی نے اے آئی سے مضمون لکھوایا۔	علی،آے آئی،مضمون	لکھوایا
85۔احمد فری لانسنگ سے پیسے کماتا ہے۔	احمد،فری لانسنگ،پیسے	کماتا ہے
86۔ہم نے بلاگ پر آرٹیکل شائع کروایا۔	ہم،بلاگ،آرٹیکل	شائع کروایا
87۔علی نے یوٹیوب پر چینل بنا رکھا ہے۔	علی،یوٹیوب،چینل	بنا رکھا ہے
88۔لڑکی نے کینوا پر ڈیزائن بنایا۔	لڑکی،کینوا،ڈیزائن	بنایا
89۔انسٹاگرام پر ویڈیوز دیکھنا معمول بن گیا ہے۔	انسٹاگرام،ویڈیوز،معمول	دیکھنا،بن گیا ہے
90۔تمہارے موبائل کی سکرین ٹوٹ گئی۔	تمہارے،موبائل،سکرین	ٹوٹ گئی
91۔احمد نے کمپیوٹر کورس میں داخلہ لیا ہے۔،	احمد،کمپیوٹر کورس	داخلہ لیا ہے
92۔ڈاکٹر نے دوا لکھ کر دی۔	ڈاکٹر،دوا	لکھ کر دی
93۔کیمرہ مین نے تصویر بنائی۔	کیمرہ مین،تصویر	بنائی
94۔احمد نے چائے گرم کی۔	احمد،چائے ،گرم	کی
95۔میرے بھائی کا ویزہ آگیا ہے۔	میرے بھائی،ویزہ	آگیا ہے
96۔احمد نے برطانیہ سے تعلیم حاصل کی۔	احمد ،برطانیہ،تعلیم	حاصل کی
97۔پانی کا بل بہت زیادہ آیا ہے	پانی،بل،زیادہ	آیا ہے
98۔صبح کے وقت پرندے چہچہاتے ہیں۔	صبح،پرندے،،وقت	چہچہاتے ہیں
99۔احمد نے ای بائیک خریدی۔	احمد،ای بائیک	خریدی
100۔علی ان ڈرائیو پر کام کرتا ہے۔	علی ،ان ڈرائیو،کام	کرتا

ماڈل پیپر اُردو(لازمی) برائے سال اول

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن)

برائے متاثرہ سماعت طلبا و طالبات

حصہ معروضی

کل نمبر: 20 وقت: 30منٹ

نوٹ:ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔جوابی کاپی پر درست جواب پر نشان لگایئے ۔ایک سے زیادہ جوابات پر نشان لگانے یا کاٹ کر لکھنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1۔لفظ معلم کی مونث ہو گی۔

ا۔معلمہ ب۔ محدثہ ج۔مکرمہ د۔مکرمی

2۔درج ذیل میں لفظ شہزادہ کی مونث بتائیں۔

ا۔شہزادی ب۔ ملکہ ج۔سلطانہ د۔بادشاہ

3۔سردار کی مونث ہو گی۔

ا۔سردارنی ب۔ ملکہ ج۔رئیسانی د۔کوئی نہیں

4۔رئیسانی کا مذکر کیا ہو گا۔

ا۔کوئی نہیں ب۔ ملکہ ج۔شہزادہ د۔رئیس

5۔قاصد کی مونث کیا ہے۔

ا۔کوئی نہیں ب۔ قاصدہ ج۔ملکہ د۔قصیدہ

6۔واحد جمع میں کتاب کی جمع کیا ہو گی۔

ا۔کوئی نہیں ب۔کتابیں ج۔کتابات د۔قصد

6۔سبق کی جمع بتائیں۔

ا۔کوئی نہیں ب۔سبوق ج۔اسباق د۔سبقیں

7۔غزل کی جمع ہو گی۔

ا۔غزال ب۔غزلیں ج۔غزول د۔غزیل

8۔عمارت کی جمع ہو گی۔

ا۔کوئی نہیں ب۔عمارت ج۔عمارتیں د۔عمارتات

9۔لفظ کی جمع ہو گی۔

ا۔کوئی نہیں ب۔الفاظ ج۔لفظات د۔لفوظ

10۔حادثہ کی جمع ہو گی۔

ا۔کوئی نہیں ب۔حسد ج۔حدوث د۔حادثات

11۔درست املا کی نشاندہی کریں۔

ا۔کوئی نہیں ب۔چودھری ج۔چوہدری د۔چھہدری

12۔درست املا کی نشاندہی کریں۔

ا۔حیرانی ب۔حیرانگی ج۔ہیرانی د۔حیران

13۔درست املا کی نشاندہی کریں-

ا۔کوئی نہیں ب۔دوکان ج۔دکان د۔دیکان

14۔درست املا کی نشاندہی کریں۔

ا۔درستی ب۔درستگی ج۔درستیگی د۔درستیاب

15۔درست املا کی نشاندہی کریں۔

ا۔فی الواقع ب۔فی الواقعہ ج۔فی الوقوع د۔فی واقعہ

16۔درست جملے کی نشاندہی کریں۔

A. ہم نے حساب کا قائدہ سیکھا

B. ہم نے حساب کا قاعدہ سیکھا

C. ہم حساب کے قائدے سیکھے

D. کوئی نہیں

17۔درست جملہ کی نشاندہی کریں۔

A. دونوں لڑکیاں کل صبح آئیں گیں

B. دونوں لڑکیاں کل صبح آئیں گی

C. دونوں لڑکی کل صبح آئیں گیں

D. کوئی نہیں

18۔یہ دہی ۔۔۔۔۔ہے۔

ا۔کھٹاب۔کھٹی ج۔دونوں د۔کوئی نہیں

19۔درست جملہ ہو گا۔

A. راشد کو کراچی جانا ہے

B. راشد نے کراچی جانا ہے

C. راشد کراچی جانا ہے

D. کوئی نہیں

20۔میں نے ہر۔۔۔۔ کی سیر کی

A. ملک

B. ممالک

C. ملکوں

D. ملکات

حصہ گرامر

کل نمبر: 80 وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ

سوال نمبر1۔درج ذیل خطوط میں سے ایک خط تحریر کریں (10)

ا۔دوست کے نام گرمی کی چھٹیاں گزارنے کا خط لکھیں۔

یا

ب۔چھوٹے بھائی کے نام پڑھائی کی تلقین کا خط لکھیں۔

سوال نمبر2۔ درج ذیل درخواستوں میں سے ایک درخواست لکھیں۔(10)

ا۔کالج کے پرنسپل کے نام ہاسٹل میں داخلے کی درخواست لکھیں۔

یا

ب۔کالج کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیں۔

سوال نمبر3۔درج ذیل ضرب المثال مکمل کریں(10)

1۔آ بیل

2۔اونٹ کے منہ میں

3۔جس کی لاٹھی۔۔۔۔۔

4۔گھر کا بھیدی۔۔۔۔۔۔

5۔عقل مند کو۔۔۔۔۔

6۔الٹا چور۔۔۔۔۔

7۔جیسی کرنی۔۔۔۔۔۔

8۔نیکی کر ۔۔۔۔۔

9۔ناچ نہ جانے ۔۔۔۔۔

10۔دیر آئے۔۔۔۔

سوال نمبر4۔درج ذیل خاکہ دیکھ کر کہانی لکھیں ۔(10)



سوال نمبر5۔عبارت پڑھ کر مشکل الفاظ کے معنی لکھیں۔(10)

عبارت نمبر1۔احمد ایک مستعد طالب علم ہے۔وہ اپنے فرائض بخوبی نبھاتا ہے۔اور ہر کام باقاعدگی سے سرانجام دیتا ہے۔

عبارت نمبر2۔بارش کے بعد موسم خوشگوار ہو جاتا ہے۔ٹھنڈی ہوا دل کو فرحت بخشتی ہے اور ماحول میں لطافت پیدا کر دیتی ہے۔

سوال نمبر6 ۔درج ذیل الفاظ کے مترداف لکھیں۔(10)

1۔خوب صورت 2۔عقل مند 3۔جھوٹا 4۔سچا 5۔جنگ 6۔امن 7۔خوش

8۔غم 9۔بڑا 10۔چھوٹا

سوال نمبر7 ۔درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔(10)

1۔بلندی 2۔وفا 3۔طاقت 4۔ترقی 5۔آزادی 6۔انصاف 7۔صبر

8۔روشنی 9۔عزت 10۔ہمت

سوال نمبر8۔درج ذیل جملوں سے اسم اور فعل کی پہچان کرتے ہوئے اسم اور فعل لکھیں۔(10)

1۔اسلم نے کھانا کھایا

2۔ہم لاہور میں رہتے ہیں

3۔یہ قلم اچھا ہے

4۔علامہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں

5۔دریا میں پانی بہت کم ہے

6۔درخت پر پرندے بیٹھے ہیں

7۔مور جنگل میں ناچا

8۔استاد کمرے میں نہیں بیٹھے تھے۔

9۔باغ میں پھول کھلیں ہیں

10۔علی سکول جاتا ہے۔

PAKISTAN STUDIES

(Compulsory)

امتحانی پرچہ میں سوالات اور نمبروں کی تقسیم

حصہ	وقت	جزو اور تعداد سوالات	نمبر	کل نمبر
حصہ معروضی	45منٹ	کثیر الجوابی سوالات(10)	10	30
		خالی جگہ پر کریں(10)	10	
		کالم ملائیں(10)	10	
حصہ انشائیہ	45منٹ	سوالات کے مختصر جوابات(4)	20	20
کلُ	**1گھنٹہ30منٹ**			**50**

فہرست ابواب و عنوانات

باب نمبر	فہرست ابواب	عنوانات
01	تحریک پاکستان سے قیام پاکستان تک	1.1 ۔برصغیر کا تعارف 1.2 ۔دو قومی نظریہ 1.3۔ عظیم رہنماء 1.4۔اہم تاریخی واقعات
02	پاکستان کا جغرافیہ اور وسائل	2.1پاکستان کا جغرافیائی محلِ وقوع 2.2۔پاکستان کے طبعی خدوخال 2.3۔پاکستان کے وسائل
03	پاکستان کا آئینی سفر	3.1۔ آئین کی تعریف 3.2 ۔پاکستان کی مختصر آئینی تاریخ 3.3 ۔ 1973 کے آئین کی اسلامی دفعات
04	قومی یکجہتی و تنوع	4.1۔پاکستان کی قومی ثقافت 4.2۔پاکستان کی صوبائی ثقافت
05	پاکستان میں صحت اور سماجی مسائل	5.1۔پاکستان کے اہم سماجی مسائل 5.2۔پاکستان میں صحت کے مسائل
06	پاکستان میں بنیادی انسانی حقوق برائے خصوصی افراد	6.1۔ خصوصی افراد کی تعریف 6.2۔ خصوصی افراد کے بنیادی انسانی حقوق 6.3۔ خصوصی افراد کے مسائل
07	پاکستانی معاشرے میں خصوصی افراد کی شرکت و کردار	7.1۔ خصوصی افراد کی معاشرے میں اہمیت 7.2۔پاکستانی معاشرے میں خصوصی افراد کی شرکت و کردار

باب نمبر1

تحریک پاکستان سے قیام پاکستان تک

تعلیمی اہداف

1۔ طلبہ تحریک پاکستان کے اہم واقعات اور مراحل کو سمجھ سکیں گے۔

2۔ طلبہ اہم رہنماوں کے کردار کو پہچان سکیں گے۔

3۔ طلبہ قیام پاکستان کی اہمیت اور اسکا بنیادی مقصد سمجھ سکیں گے۔

1.1 ۔برصغیر کا تعارف

برصغیر وہ علاقہ ہے جو پہلے ایک تھا، پھر 1947 میں تقسیم ہو کر دو ممالک بن گئے۔

1۔ مشرقی و مغربی پاکستان

2۔ بھارت



Figure 1.1

1971 کی پاک بھارت جنگ کے نتیجے میں مشرقی پاکستان الگ ملک بنگلہ دیش بن گیا۔

1.2۔دو قومی نظریہ

مسلمان اور ہندو دو الگ قومیں ہیں اس لیے مسلمانوں کے لیے الگ وطن پاکستان بنا۔

1.3 ۔ عظیم رہنماء

1۔ سر سید احمد خان

آپ ایک رہنماء تھے جنہوں نے مسلمانوں کو تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دی۔

2۔ قائداعظم محمد علی جناح

وہ عظیم رہنما تھے جنہوں نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن پاکستان حاصل کیا.

3۔علامہ محمد اقبال

آپ وہ عظیم شاعر تھے جنہوں نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا تصور دیا۔

4۔فاطمہ جناح : قائداعظم کی بہن تھیں جنہوں نے پاکستان بنانے کی کوششوں میں ہمیشہ قائداعظم کا ساتھ دیا۔



Figure 1.2

پاکستان کی پچھترویں سالگرہ پر علامہ محمد اقبال، قائداعظم، فاطمہ جناح اور سر سید احمد خان کی تصویر والا خصوصی نوٹ جاری کیا گیا۔

1.4۔ اہم تاریخی واقعات

1۔ آل انڈیا مسلم لیگ کا قیام

1906 میں آل انڈیا مسلم لیگ بنی تا کہ مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کی جا سکے۔



Figure 1.3

آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے وقت لی جانے والی تصویر

2۔خطبہ الہ آباد

1930 میں علامہ اقبال نے الہ آباد کے مقام پر خطبہ دیا جس میں مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کیا گیا۔

3۔ 1940 قراردادِ لاہور:

1940 میں لاہور میں قرارداد منظور ہوئی جس میں مسلمانوں کے لیے الگ ملک کا مطالبہ کیا گیا۔

4۔قیام پاکستان

مسلمانوں کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں 14 اگست 1947 کو پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔

مشق

سرگرمی (Activity): طلبہ وطالبات قائداعظم اور فاطمہ جناح کا کردار نبھائیں۔

سوالنمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

I. تحریکِ پاکستان کا مقصد کیا تھا؟

A. تعلیم حاصل کرنا B۔ مسلمانوں کے لیے الگ وطن بنانا C۔ تجارت کرنا D۔ ملازمت کرنا

II. خطبۂ الہ آباد کس نے دیا؟

A۔ علامہ محمد اقبال B قائداعظم C۔ فاطمہ جناح D۔ سرسید احمد خان

III۔ قراردادِ لاہور کب پیش کی گئی؟

1906۔A 1930۔B 1940 ۔C 1947۔D

IV۔ فاطمہ جناح کا قائداعظم سے کیا رشتہ تھا؟

A۔ بہن B۔ بیوی C۔ بیٹی D۔ دوست

سوالنمبر 2؛ درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔ (قومیں۔ بنگلہ دیش۔ 14 اگست 1947۔ مسلمانوں)

I۔ تحریک پاکستان کا مقصد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے لیے الگ وطن پاکستان بنانا تھا۔

II۔ 1971 کی پاک بھارت جنگ کے نتیجے میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بن گیا۔

III۔ مسلمان اور ہندو دو الگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

IV پاکستان کا قیام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو عمل میں آیا۔

سوالنمبر3 :کالم ملائیں۔

عظیم رہنما	1906
مسلم لیگ کا قیام	سرسید احمد خان
تعلیم کی ترغیب	مسلمان اور ہندو
الگ قومیں	قائداعظم

سوال نمبر 4: پاکستانی جھنڈا بنائیں اور رنگ بھریں۔

سوال نمبر 5: برصغیر کا تعارف لکھیں؟

سوال نمبر6: کس رہنماء نے مسلمانوں کو تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دی؟

سوال نمبر7: پاکستان کا قیام کب عمل میں آیا؟

سوال نمبر8: کس رہنماء نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا تصور دیا ؟

سوال نمبر9: دو قومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

باب نمبر2

پاکستان کا جغرافیہ اور وسائل

تعلیمی اہداف

1۔ طلبہ پاکستان کے جغرافیائی محلِ وقوع کو سمجھ سکیں گے۔

2۔ طلبہ پاکستان کے اہم زمینی خدوخال کو سمجھ سکیں گے۔

3 طلبہ پاکستان کے وسائل کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔

2.1۔ پاکستان کا جغرافیائی محلِ وقوع

پاکستان جنوبی ایشیا میں واقع ہے جبکہ اس کے مشرق میں بھارت، مغرب میں افغانستان اور ایران، شمال میں چین اور جنوب میں بحیرۂ عرب ہے۔ پاکستان کا دار لحکومت اسلام آباد ہے۔ اس کے چار صوبے پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا ہیں۔ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر حکومت پاکستان کے زیر انتظام علاقہ جات ہیں۔



Figure 2.1 پاکستان کا نقشہ

2.2 ۔پاکستان کے طبعی خدوخال

پاکستان کے طبعی خدوخال میں پہاڑ، سطح مرتفع، میدان اور صحرا شامل ہیں۔



Figure 2.2

2.3۔پاکستان کے وسائل

پاکستان کو اللہ تعالی نے درج زیل وسائل سے نوازرکھا ہے۔

1۔ آبی وسائل

اس میں پانچ بڑے دریا اور مختلف نہریں شامل ہیں۔

2۔قدرتی ومعدنی وسائل

اس میں گیس، کوئلہ، نمک، تانبا اور لوہا وغیرہ شامل ہیں۔



پاکستان کے قدرتی ومعدنی وسائل Figure 2.3

3۔زرعی وسائل

اس میں گندم، چاول، کپاس اور گنا وغیرہ شامل ہیں۔

4۔ صنعتی وسائل

اس میں مختلف بڑی اور چھوٹی صنعتیں شامل ہیں۔ جیسا کہ کار، سیمنٹ اور کپڑے کی صنعت وغیرہ۔

5۔ انسانی وسائل

اس میں مختلف مہارتیں اور شعبے شامل ہیں جیسا کہ استاد، ڈاکٹر، باورچی اور مستری وغیرہ۔

مشق

سرگرمی (Activity): اپنے علاقے میں موجود مختلف وسائل کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

I. پاکستان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایشیا میں واقع ہے؟

A۔ جنوبی B۔ شمالی C۔ مشرقی D۔ وسطی

II. پاکستان کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صوبے ہیں؟

A۔ دو B۔ تین C۔ چار D۔ ایک

III. پاکستان کے آبی وسائل میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دریا شامل ہیں؟

A۔ دو B۔ پانچ C۔ چار D۔ ایک

IV. استاد کا شعبہ کونسے وسائل میں شامل ہے؟

A۔ آبی B۔ زرعی C۔ صنعتی D۔ انسانی

سوال نمبر 2؛ درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔ (دارالحکومت۔ پہاڑ۔ قدرتی و معدنی وسائل۔ بحیرۂ عرب)

I۔ اسلام آباد پاکستان کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

II۔ پاکستان کے جنوب میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

III۔ گیس، کوئلہ، نمک، تانبا اور لوہا وغیرہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

IV۔ پاکستان کے طبعی خدوخال میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شامل ہیں۔

سوال نمبر 3: کالم ملائیں۔

وطن کا نام	صنعتی وسائل
سمندر	پاکستان
صحرا	بحیرہ عرب
کپڑے کی صنعت	طبعی خدوخال

سوال نمبر 4: سمتوں کا تعین تیر کی مدد سے کرتے ہوئے پاکستان کے ہمسایہ ممالک اور سمندر کی نشاندہی کریں۔

سوال نمبر 5: پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے کتنی اقسام کے وسائل سے نوازرکھا ہے؟

سوال نمبر 6: پاکستان کے صنعتی وسائل کون سے ہیں؟

سوال نمبر 7: پاکستان کے زرعی وسائل کون سے ہیں؟

سوال نمبر8: پاکستان کے طبعی خدوخال تحریر کریں۔

سوال نمبر9: پاکستان ایشیا کے کس حصہ میں واقع ہے؟

باب نمبر3
پاکستان کا آئینی سفر

تعلیمی اہداف

1۔ طلبہ پاکستان کی آئین ی تاریخ کو سمجھ سکیں گے۔

2۔ طلبہ 1973 کے آئین کی اہم اسلامی دفعات کو سمجھ سکیں گے۔

3.1۔ آئین کی تعریف

آئین وہ بنیادی قانون ہے جسکے مطابق کسی ملک کا نظام چلایا جاتا ہے۔

3.2۔ پاکستان کی مختصر آئینی تاریخ

1947 سے لے کر آج تک پاکستان میں تین مختلف آئین بنائے گئے ۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

1. 1956 کا آئین
2. 1962 کا آئین
3. 1973 کا آئین

1973 کا آئین کچھ ترامیم کے ساتھ ہمارے ملک میں لاگو ہے۔



Figure 3.1 1973 کا آئین

3.3 ۔ 1973 کے آئین کی اہم اسلامی دفعات

1973 کے آئین کی اہم اسلامی دفعات درج ذیل ہیں۔

1۔ ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہو گا۔

2۔ اقتدار کا اصل مالک اللہ تعالیٰ ہے عوام کے پاس یہ امانت ہے۔

3۔ صدر اور وزیر اعظم کا مسلمان ہونا ضروری ہو گا۔

4۔ سرکاری مذہب اسلام ہو گا۔

مشق

سرگرمی(Activity):

1973 کے آئین کی اسلامی دفعات کو ایک چارٹ پر لکھ کر آویزاں کریں۔

سوالنمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

I۔ آئین ایک بنیادی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

A. جگہ B۔ قانون C. ملک D. اختیار

II۔ 1947 سے لے کر آج تک پاکستان میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مختلف آئین بنائے گئے ۔

A۔ دو B۔ تین C۔ چار D۔ ایک

III۔ صدر کا _____ ہونا ضروری ہے۔

A۔ مسلمان B۔ سکھ C۔ مسیح D۔ ہندو

IV۔ اقتدار کا اصل مالک _____ ہے۔

A۔ مسلمان B۔ عوام C۔ اللہ تعالیٰ D۔ ہندو

سوالنمبر2 : درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔(اسلام۔ مسلمان۔ 1956۔ پاکستان)

I۔ املک کا نام اسلامی جمہوریہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہو گا۔

II۔ وزیر اعظم کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہونا ضروری ہو گا۔

III۔ پاکستان کا سرکاری مذہب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

IV۔ پہلا آئین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں بنا۔

سوالنمبر3 : کالم ملائیں۔

ملک کا نام	موجودہ آئین
1973 کا آئین	اسلامی جمہوریہ پاکستان
مذہب	1962
دوسرا آئین	اسلام

سوال نمبر4: 1973 کے آئین کی دو اسلامی دفعات لکھیں۔

سوال نمبر5: 1947 سے لیکر آج تک پاکستان میں کتنے آئین بنائے گئے ؟

سوال نمبر6: آئین کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر7: ہمارے ملک میں کون سا آئین لاگو ہے؟

باب نمبر4
قومی یکجہتی و تنوع

تعلیمی اہداف

1۔ طلبہ پاکستان کی قومی ثقافت کو سمجھ سکیں گے۔
2۔ طلبہ پاکستان کی صوبائی ثقافت کو سمجھ سکیں گے۔
3۔ طلبہ قومی یکجہتی کی اہمیت سمجھ سکیں گے۔

4.1۔ پاکستان کی قومی ثقافت

پاکستان کی قومی ثقافت میں درج ذیل عناصر نمایاں ہیں۔

1۔ **قومی زبان:** ہماری قومی زبان اردو ہے۔
2۔ **قومی لباس:** ہمارا قومی لباس شلوار / قمیض ہے۔
3۔ **قومی کھیل:** ہمارا قومی کھیل ہاکی ہے۔
4۔ **قومی جانور:** ہمارا قومی جانور مارخور ہے۔
5۔ **قومی درخت:** ہمارا قومی درخت دیودار ہے۔
6۔ **قومی پھول:** ہمارا قومی پھول چنبیلی ہے۔
7۔ **قومی پرندہ:** ہمارا قومی پرندہ چکور ہے۔



Figure 4.1 قومی ثقافت کی چند علامتیں

4.2۔ پاکستان کی صوبائی ثقافت

پاکستان کی چاروں صوبوں کی ثقافت میں تنوع پایا جاتا ہے۔ مگر قومی ثقافت سے سب صوبے جڑے ہوئے ہیں۔

4.2.1۔ پنجابی ثقافت

پنجاب کی ثقافت سادہ لباس دھوتی / کرتا، روایتی کھانوں روٹی، ساگ، لسی اور بھنگڑا جیسے رقص پر مشتمل ہے۔

4.2.2۔ سندھی ثقافت

سندھ کی ثقافت مخصوص لباس اجرک / سندھی ٹوپی، روایتی کھانوں جیسا کہ مچھلی، بریانی اور لوک گیت جیسی موسیقی پر مشتمل ہے ۔

4.2.3۔ بلوچی ثقافت

بلوچستان کی ثقافت علاقائی لباس دوچی / دستار، روایتی کھانوں سجی، روشاور، بہادری و خوشی کا علامتی بلوچی رقص چاپ پر مشتمل ہے۔

4.2.4۔ پشتون ثقافت

خیبر پختونخوا کی ثقافت گھیرے دار شلوار / قمیض، پگڑی / ٹوپی جیسے لباس، روایتی کھانوں چپلی کباب، قہوہ اور مخصوص رقص اتن پر مشتمل ہے ۔

مشق

سرگرمی (Activity):

اپنی علاقائی ثقافت سے متعلق تصاویر اکٹھا کر کے چارٹ پر آویزاں کریں۔

سوالنمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

I۔ ہماری قومی زبان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

A۔اردو B۔انگلش C۔پنجابی D۔سندھی

II۔ ہمارا قومی لباس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

.A۔دھوتی/کرتا B۔شلوار/قمیض C۔اجرک D۔ٹوپی

III۔ پنجاب کی علاقائی زبان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

A۔اردو B۔بلوچی C۔پنجابی D۔سندھی

IV۔ خیبر پختونخوا کا مخصوص رقص۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

A۔لڈی B۔بھنگڑا C۔چاپ D۔اتن

سوالنمبر 2: درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔(سندھی۔مارخور۔ہاکی۔سجی)

I۔ ہمارا قومی کھیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

II۔ ہمارا قومی جانور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

III۔ سندھ کی علاقائی زبان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

IV۔ بلوچستان کی مشہور خوراک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

سوالنمبر3 :کالم ملائیں۔

پنجابی رقص	چپلی کباب
سندھی لباس	مارخور
خیبر پختونخوا کی خوراک	بھنگڑا
قومی جانور	اجرک/ٹوپی

سوال نمبر4: پاکستان کی قومی زبان کونسی ہے؟

سوال نمبر 5:۔ ہمارا قومی درخت کون سا ہے؟

سوال نمبر6: پاکستان کے قومی پھول کا نام لکھیں۔

سوال نمبر 7: کیا ہمارا قومی پرندہ چکور ہے؟

سوال نمبر8: پنجاب کے روایتی کھانے کونسے ہیں؟

سوال نمبر9: بلوچستان کا مخصوص رقص کونسا ہے؟

باب نمبر5

پاکستان میں صحت اور سماجی مسائل

تعلیمی اہداف

1۔طلبہ پاکستان کے صحت کے مسائل سمجھ سکیں گے۔

2۔طلبہ پاکستان کے سماجی مسائل کو سمجھ سکیں گے۔

3۔طلبہ مسائل کے حل کی اہمیت سمجھ سکیں گے۔

5.1۔پاکستان کے اہم سماجی مسائل

پاکستان کے اہم سماجی مسائل درج ذیل ہیں۔

5.1.1۔موسمیاتی تبدیلیاں

5.1.2۔خصوصی افراد کے مسائل

5.1.1موسمیاتی تبدیلیاں

موسمیاتی تبدیلیو ں سے مراد موسم اوردرجہ حرارت کی لمبے عرصے پر مشتمل تبدیلیاں ہیں۔ مثال کے طور پر شدید گرمی / سردی، سیلاب اور غیر معمولی بارشیں۔



موسمیاتی تبدیلیاں Figure 5.1

5.1.2خصوصی افراد کے مسائل

خصوصی افراد کو بہت سے مسائل کا سامنا ہے جیسا کہ تعلیم، روزگار، رسائی اور معاشرتی رکاوٹیں وغیرہ۔

5.2۔پاکستان میں صحت کے اہم مسائل

پاکستان کے صحت کے اہم مسائل درج ذیل ہیں۔

5.2.1۔ڈینگی (Dengue)

5.2.2۔کووڈ۔ 19 (COVID.19)

5.2.1۔ڈینگی (Dengue)

ڈینگی ایک بیماری ہے جو متاثرہ مچھر کے کاٹنے سے پھیلتی ہے۔



ڈینگی مچھر Figure 5.2

علامات واحتیاطی تدابیر:

اس کی علامات میں تیز بخار، سر درد اور جسم میں درد شامل ہیں۔ اس سے بچاؤ کے لیے صاف پانی جمع نہ ہونے دیں اور سپرے کا استعمال کریں۔



ڈینگی سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر Figure 5.3

5.2.2۔ کووڈ۔ 19 (COVID.19)

کووڈ۔ 19 وہ بیماری ہے جو کورونا وائرس سے ہوتی ہے۔



کووڈ۔19 Figure 5.4

علامات واحتیاطی تدابیر:

بخار، کھانسی، سانس لینے میں مشکل اور تھکن اسکی علامتیں ہیں۔ جبکہ اس سے بچنے کیلئے ماسک پہنیں، ہاتھ صاف رکھیں، فاصلہ رکھیں اور ویکسین لگوائیں۔



کووڈ-19 سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر Figure 5.5

مشق

سرگرمی(Activity):

طلبہ بطور خصوصی افراد آپکو جو مسائل درپیش ہیں ان کی لسٹ بنائیں اوران کے حل کیلیے تجاویز بھی دیں۔

سوالنمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

I۔موسمیاتی تبدیلیوں سے مراد موسم اوردرجہ حرارت کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عرصے پر مشتمل تبدیلیاں ہیں۔

A۔لمبے B۔چھوٹے .C۔مختصر D۔عارضی

II۔شدید گرمی، سیلاب اور غیر معمولی بارشیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

III۔ کووڈ۔ 19 وہ بیماری ہے جو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وائرس سے ہوتی ہے۔

IV۔ تیز بخار، سر درد اور جسم میں درد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔علامتیں ہیں۔

سوالنمبر3 :کالم ملائیں۔

موسمیاتی تبدیلیاں	ڈینگی
تیز بخار	رسائی کی مشکلات
خصوصی افراد کے مسائل	غیر معمولی بارشیں
صحت کے مسائل	کووڈ / ڈینگی

سوال نمبر4: ڈینگی سے بچنے کے لیے دو احتیاطی تدابیر لکھیں۔

سوال نمبر 5: کووڈ۔ 19 سے بچنے کے لیے دو احتیاطی تدابیر تحریر کریں۔

سوال نمبر6: موسمیاتی تبدیلیوں سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر7: خصوصی افراد کو کون کونسے مسائل کا سامنا ہے؟

باب نمبر6

پاکستان میں بنیادی انسانی حقوق برائے خصوصی افراد

تعلیمی اہداف

1۔طلبہ خصوصی افراد کے بنیادی انسانی حقوق کو سمجھ سکیں گے۔

2۔طلبہ خصوصی افراد کو درپیش مسائل اورانکے حل کے طریقوں کو جان سکیں گے۔

4۔طلبہ خصوصی افراد کے حقوق کو جان سکیں گے ۔

6.1۔خصوصی افراد کی تعریف

خصوصی افراد وہ ہوتے ہیں جنہیں کسی بھی قسم کی جسمانی،ذہنی،سماعتی یابصری مشکلات یامعذوری کے باعث اضافی مدد چاہیے ہو۔



Figure 6.1خصوصی افراد کے علامتی نشان

6.2۔خصوصی افراد کے بنیادی انسانی حقوق

پاکستان کے خصوصی افراد کے بنیادی انسانی حقوق درج ذیل ہیں۔

1۔قومی پالیسی برائے خصوصی افراد 2002:

یہ پاکستان کی تاریخ میں کی پہلی پالیسی برائے خصوصی افراد ہے۔اس کا مقصد معاشرے میں خصوصی افراد کے لیے مساوی حقوق اور شمولیت کو یقینی بنانا ہے۔

2۔مفت اورلازمی تعلیم کا حق 2012:

اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہر بچہ بلاامتیاز تعلیم حاصل کر سکے ۔

3۔پنجاب اسپیشل ایجوکیشن پالیسی 2020:

اس کا مقصد خصوصی بچوں کو معیاری اور مساوی تعلیم دینا ہے۔

4۔معذورافراد کے لیے آئی سی ٹی (Islamabad CapitalTerritory) کے حقوق کا ایکٹ 2020:

ان کا مقصد معذور افراد کی تعلیم،روزگار،رسائی اورزندگی کے دیگر شعبوں میں برابر کے مواقع دینا ہے۔

6.3۔خصوصی افراد کے مسائل اوران کا حل

خصوصی افراد کو تعلیم،روزگار،رسائی اور سماجی قبولیت کے مسائل درپیش ہیں جنکے حل کے لیے حکومت نے خصوصی تعلیم،روزگار کوٹہ،رسائی قوانین اور فلاحی اسکیمیں متعارف کروائی ہیں ۔ م ث ل اُ

- خصوصی تعلیم کے ادارے (مفت تعلیم)
- ماہانہ وظائف
- معذوری سرٹیفکیٹ اور سہولت کارڈ
- ہمت کارڈ
- مفت سفری سہولیات
- خصوصی بچوں کے لیے خصوصی میل پروگرام
- روزگار کوٹہ
- مفت وہیل چیئر اور سماعتی آلات کی فراہمی
- خصوصی افراد کے مخصوص دن منانا

مشق

سرگرمی(Activity):

طلبہ بطور خصوصی افراد اپنے حقوق کی فہرست تیار کریں اور اسے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

سوالنمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

I۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہوتے ہیں جنہیں کسی بھی قسم کی جسمانی، ذہنی، سماعتی یا بصری مشکلات کے باعث اضافی مدد چاہیے ہو۔

A۔عام افراد B۔بچے .C۔خصوصی افراد .D۔بڑے

II۔ قومی پالیسی برائے خصوصی افراد 2002 کا مقصد خصوصی افراد کی معاشرے میں۔۔۔۔۔۔۔شرکت ہے۔

.A۔مساوی B۔کم C۔زیادہ D۔کوئی نہیں

III۔ قومی پالیسی برائے خصوصی افراد 2002 پاکستان کی تاریخ میں۔۔۔۔۔ قومی پالیسی برائے خصوصی افراد ہے۔

A۔ پہلی B۔دوسری C۔تیسری D۔چوتھی

IV۔ خصوصی تعلیم کے ادارے طلباء کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تعلیم مہیا کرتے ہیں۔

A۔مکمل فیس کے ساتھ B۔جزوی فیس کے ساتھ C۔مفت D۔کوئی نہیں

سوالنمبر 2؛ درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔(معذور۔ 2002۔ خصوصی بچوں ۔2020)

I۔ قومی پالیسی برائے خصوصی افراد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں متعارف کروائی گئی۔

II۔پنجاب اسپیشل ایجوکیشن پالیسی 2020 کا مقصد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو معیاری اور مساوی تعلیم دینا ہے۔

III۔ معذوری سرٹیفکیٹ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔افراد کو دیا جاتا ہے۔

IV۔ معذور افراد کے لیے آئی سی ٹی (Islamabad CapitalTerritory) کے حقوق کا ایکٹ۔۔۔۔۔۔۔۔میں متعارف کروایا گیا۔

سوالنمبر3 :کالم ملائیں۔

سہولت	معذور افراد
قومی پالیسی	خصوصی تعلیم کے ادارے
بصری / سماعتی مشکلات	2002
خصوصی تعلیم	سہولت کارڈ

سوال نمبر4 : خصوصی افراد کے علامتی نشان بنائیں۔

سوال نمبر5 : خصوصی افراد کے مسائل کے حل کے لیے دو حکومتی اقدامات تحریر کریں۔

سوال نمبر6 : پاکستان کی تاریخ میں پہلی پالیسی برائے خصوصی افراد کب متعارف کروائی گئی؟

سوال نمبر7 : خصوصی افراد کی تعریف لکھیں۔

باب نمبر7
پاکستانی معاشرے میں خصوصی افراد کی شرکت و کردار

تعلیمی اہداف

1۔طلبہ خصوصی افراد کی معاشرے میں شرکت کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔
2۔طلبہ خصوصی افراد کے معاشرے میں کردار کو جان سکیں گے۔
3۔طلبہ خصوصی افراد کی انفرادیت کو جان سکیں گے ۔

7.1۔خصوصیافراد کی معاشرے میں اہمیت

خصوصی افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں جو تعلیم اور ہنر سے ملک کی ترقی میں بھرپور حصہ لیتے ہیں۔

7.2۔پاکستانی معاشرے میں خصوصی افراد کی شرکت و کردار

پاکستانی معاشرے میں چند خصوصی افراد کی شرکت و کردار بہت نمایاں ہے جو کہ باقی خصوصی افراد کے لئے باعث رہنمائی ہے۔ایسی چند شخصیات درج ذیل ہیں جو کہ زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔

7.2.1۔تعلیم کے شعبے میں خصوصی افراد کی شرکت و کردار:

سید ایرل حسین نے نابینا ہونے کے باوجود پاکستان کے پہلے خصوصی سی ایس ایس(CSS) آفیسر بنے۔اور آج بھی نمایاں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔



ایرل حسین Figure 7.1

7.2.2

کھیلوں کے شعبے میں خصوصی افراد کی شرکت و کردار:

حیدر علی ان خاص خصوصی افراد کی فہرست میں شامل ہیں جنہوں نے پیرالمپک (Paralympic) کھیلوں میں پاکستان کے لئے سونے کا تمغہ (Gold Medal) جیتا۔



حیدر علی Figure 7.2

7.2.3۔ سماجی خدمات کے شعبے میں خصوصی افراد کی شرکت و کردار:

منیبہ مزاری ان چند خصوصی افراد میں شامل ہیں جو معذوری کے باوجود بہترین ٹیلی ویژن میزبان، سماجی کارکن اور حوصلہ افزا مقرر ہیں۔



منیبہ مزاری Figure 7.3

7.2.4 جدید ٹیکنالوجی کے شعبے میں خصوصی افراد کی شرکت و کردار:

کشف علوی پاکستان کے پہلے بہرے مصنف اور پہلے خصوصی مائیکروسافٹ سرٹیفائیڈ ایسوسی ایٹ ہیں۔



کشف علوی Figure 7.4

مشق

سرگرمی (Activity):

طلبہ سبق میں موجود خصوصی افراد میں سے کسی ایک شخصیت کے بارے میں مزید معلومات اکٹھی کریں اور ان کے علاوہ کسی اور نمایاں کامیابی کے حامل خصوصی فرد کے بارے میں جاننے کی کوشش کریں۔

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

I۔ خصوصی افراد معاشرے کا کونسا حصہ ہیں؟

A۔ عام B۔ اہم .C۔ بے کار .D۔ غیر اہم

II۔ کون نابینا ہونے کے باوجود پاکستان کے پہلے معذور سی ایس ایس (CSS) آفیسر بنے؟

.A۔ سید ایرل حسین B۔ منیبہ مزاری C۔ حیدر علی D۔ کوئی نہیں

III۔ کس نے پیرالمپک (Paralympic) کھیلوں میں پاکستان کے لئے سونے کا تمغہ (Gold Medal) جیتا۔

A۔ سید ایرل حسین B۔ حیدر علی C۔ منیبہ مزاری D۔ کوئی نہیں

IV۔ کون ٹیلی ویژن میزبان ہے؟

A۔سید ایرل حسین　　B حیدر علی　　C۔منیبہ مزاری　　D۔کوئی نہیں

سوالنمبر 2؛ درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔(کشف علوی۔سید ایرل حسین۔حیدر علی۔منیبہ مزاری)

I۔۔۔

ماڈل پیپر

مطالعہ پاکستان برائے ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن (برائے متاثرہ سماعت طلبہ وطالبات)

کل نمبر: 50 **وقت 1 گھنٹہ 30 منٹ**

حصہ معروضی

کل نمبر :30 **وقت: 45منٹ**

سوالنمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (1x10=10)

I۔ خصوصی افراد معاشرے کا کونسا حصہ ہیں؟

A۔عام B۔اہم .C۔بے کار .D۔غیر اہم

II۔ کون نابینا ہونے کے باوجود پاکستان کے پہلے معذور سی ایس ایس(CSS) آفیسر بنے؟

.A۔سید ایرل حسین B۔منیبہ مزاری C۔حیدر علی D۔کوئی نہیں

III۔ قومی پالیسی برائے خصوصی افراد 2002 پاکستان کی تاریخ میں۔۔۔۔۔ قومی پالیسی برائے خصوصی افراد ہے۔

A۔ پہلی B۔دوسری C۔تیسری D۔چوتھی

IV۔ خصوصی تعلیم کے ادارے طلباء کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تعلیم مہیا کرتے ہیں۔

A۔مکمل فیس کے ساتھ B۔جزوی فیس کے ساتھ C۔مفت D۔کوئی نہیں

V۔ ہماری قومی زبان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

A۔اردو B۔انگلش C۔پنجابی D۔سندھی

VI۔ ہمارا قومی لباس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

.A۔دھوتی/کرتا B۔شلوار/قمیض C۔اجرک D۔ٹوپی

VII۔ کووڈ۔ 19 وہ بیماری ہے جو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوالنمبر 2؛درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔ (1x10=10)

(کشف علوی۔ معذور۔ دارالحکومت ۔بحیرہ عرب۔ 14اگست 1947۔ قومیں۔پاکستان۔ مسلمان ۔ 2020۔منیبہ مزاری)

I۔۔۔

حصہ انشائیہ

کل نمبر:20 **وقت:** **45منٹ**

سوالنمبر4 :درج ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے جواب دیں۔ (4x5=20)

1۔پاکستانی جھنڈا بنائیں۔
2۔ڈینگی سے بچنے کے لیے دو احتیاطی تدابیر لکھیں۔
3۔1973 کے آئین کی دو اسلامی دفعات لکھیں۔
4۔پاکستان کے پہلے بہرے مصنف کا نام کیا ہے؟
5۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی پالیسی برائے خصوصی افراد کب متعارف کروائی گئی؟
6۔ خصوصی افراد کی تعریف لکھیں۔
7۔ موسمیاتی تبدیلیوں سے کیا مراد ہے؟
8۔ دو قومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

==========

TARJUMA TUL QURAN

(Compulsory)

ترجمۃ القرآن

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت (سال اول)

مقاصدِ نصاب

اس نصاب کا مقصد سماعت سے محروم طلبہ کو قرآنِ مجید کی منتخب مختصر سورتوں کا آسان اور مؤثر انداز میں ترجمہ اور مفہوم سکھانا ہے۔ اس کتاب کے ذریعے طلبہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، عبادت، دعا، اچھے اخلاق، صبر، سچائی، شکر گزاری، خدمتِ خلق، وقت کی قدر، اور دوسروں کے حقوق کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔ طلبہ اہم قرآنی الفاظ کے معانی سیکھیں گے، روزمرہ زندگی میں قرآن کی تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب حاصل کریں گے، اور اسلامی اقدار و اخلاق کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں گے۔ اس نصاب کی زبان، اندازِ بیان اور سرگرمیوں کو سماعت سے محروم طلبہ کی تعلیمی ضروریات اور فہم کے مطابق سادہ، مختصر اور قابلِ فہم رکھا گیا ہے تاکہ تدریس اور سیکھنے کا عمل مؤثر اور دلچسپ بن سکے۔

تعلیمی نتائج

اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلبہ:

منتخب مختصر سورتیں درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں گے۔

ہر آیت کا آسان اردو ترجمہ سمجھ سکیں گے۔

بنیادی قرآنی الفاظ کے معانی یاد کر سکیں گے۔

قرآنِ مجید کے بنیادی پیغامات کو سمجھ سکیں گے۔

اسلامی عقائد اور عبادات کی بنیادی معلومات حاصل کریں گے۔

اچھے اخلاق، صبر، شکر گزاری، سچائی، خدمتِ خلق اور وقت کی قدر کی اہمیت جان سکیں گے۔

قرآن کی تعلیمات کو اپنی روزمرہ زندگی میں اختیار کرنے کی کوشش کریں گے۔

امتحانی پرچہ میں نمبروں کی تقسیم

حصہ	سوالات	نمبر
حصہ اول: کثیر الانتخاب سوالات	20	20
حصہ دوم: الفاظ و معانی (کثیر الانتخاب)	20	20
حصہ سوم: سوالات کے مختصر جوابات	5	10
کل نمبر		**50**

نصاب کا خاکہ

باب اول: سورۃ الفاتحہ

- سورۃ الفاتحہ
- آسان اردو ترجمہ
- لفظ بہ لفظ معنی
- کثیر الانتخاب سوالات
- مختصر سوالات

باب دوم: سورۃ الإخلاص اور سورۃ الکافرون

- سورۃ الإخلاص
- سورۃ الکافرون
- آسان اردو ترجمہ
- لفظ بہ لفظ معنی
- کثیر الانتخاب سوالات
- مختصر سوالات

باب سوم: سورۃ الفلق اور سورۃ الناس

- سورۃ الفلق
- سورۃ الناس
- آسان اردو ترجمہ
- لفظ بہ لفظ معنی
- کثیر الانتخاب سوالات
- مختصر سوالات

باب چہارم: سورۃ العصر اور سورۃ الھمزۃ

- سورۃ العصر
- سورۃ الھمزۃ
- آسان اردو ترجمہ
- لفظ بہ لفظ معنی
- کثیر الانتخاب سوالات
- مختصر سوالات

باب پنجم: سورۃ الماعون اور سورۃ الکوثر

- سورۃ الماعون
- سورۃ الکوثر

- آسان اردو ترجمہ
- لفظ بہ لفظ معنی
- کثیر الانتخاب سوالات
- مختصر سوالات

باب اول: سورۃ الفاتحہ

سورۃ الفاتحہ مع آسان اردو ترجمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے۔

آیت ۱

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

آیت ۲

الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جو نہایت مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے۔

آیت ۳

مَالِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ

جو بدلے کے دن کا مالک ہے۔

آیت ۴

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔

آیت ۵

اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ

اے اللہ! ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔

آیت ۶

صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ

ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا۔

آیت ۷

غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ

ان لوگوں کا راستہ نہیں جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ ہی گمراہ لوگوں کا۔

عربی لفظ	اردو معنی
بِسۡمِ	نام سے
اللّٰہِ	اللہ
الرَّحۡمٰنِ	نہایت مہربان
الرَّحِیۡمِ	بہت رحم کرنے والا
اَلۡحَمۡدُ	سب تعریف
لِلّٰہِ	اللہ کے لیے
رَبِّ	پالنے والا
الۡعٰلَمِیۡنَ	تمام جہان
مٰلِکِ	مالک
یَوۡمِ	دن
الدِّیۡنِ	بدلے
اِیَّاکَ	صرف تیری
نَعۡبُدُ	ہم عبادت کرتے ہیں
نَسۡتَعِیۡنُ	ہم مدد مانگتے ہیں
اِھۡدِنَا	ہمیں ہدایت دے
الصِّرَاطَ	راستہ
الۡمُسۡتَقِیۡمَ	سیدھا
اَنۡعَمۡتَ	تونے انعام فرمایا
الۡمَغۡضُوۡبِ	جن پر غضب ہوا
الضَّآلِّیۡنَ	گمراہ لوگ

مشق باب اول

کثیر الانتخاب سوالات

۱۔ سورۃ الفاتحہ قرآن مجید کی کون سی سورۃ ہے؟

الف) دوسری

ب) پہلی ✓

ج) تیسری

د) چوتھی

۲۔ "رب العالمین" کا مطلب کیا ہے؟

الف) صرف انسانوں کا رب

ب) تمام جہانوں کا پالنے والا ✓

ج) فرشتوں کا رب

د) مسلمانوں کا رب

۳۔ "مالک یوم الدین" سے کیا مراد ہے؟

الف) دنیا کا مالک

ب) زمین کا مالک

ج) بدلے کے دن کا مالک ✓

د) آسمان کا مالک

۴۔ "اِیَّاکَ نَعۡبُدُ" کا مطلب کیا ہے؟

الف) ہم دعا کرتے ہیں

ب) ہم روزہ رکھتے ہیں

ج) ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں ✓

د) ہم صدقہ دیتے ہیں

۵۔ "اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ" کا مطلب کیا ہے؟

الف) ہم نماز پڑھتے ہیں

ب) ہم تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ✓

ج) ہم قرآن پڑھتے ہیں

د) ہم شکر ادا کرتے ہیں

۶۔ "اهۡدِنَا" کا مطلب کیا ہے؟

الف) معاف فرما

ب) ہمیں ہدایت دے ✓

ج) رزق عطا فرما

د) کامیاب بنا

۷۔ سورۃ الفاتحہ میں کس راستے کی دعا کی گئی ہے؟

الف) آسان راستے کی

ب) لمبے راستے کی

ج) سیدھے راستے کی✓

د) نئے راستے کی

۸۔ اللہ تعالیٰ کی کون سی صفت سورۃ الفاتحہ میں بیان ہوئی ہے؟

الف) کمزور

ب) نہایت مہربان✓

ج) محتاج

د) غافل

۹۔ ہم کس سے مدد مانگتے ہیں؟

الف) دوستوں سے

ب) رشتہ داروں سے

ج) اللہ تعالیٰ سے✓

د) سب سے

۱۰۔ سورۃ الفاتحہ ہر روز کہاں پڑھی جاتی ہے؟

الف) صرف جمعہ کی نماز میں

ب) صرف عید کی نماز میں

ج) ہر نماز میں✓

د) صرف رمضان میں

الفاظ و معانی (کثیر الانتخاب سوالات)

۱۔ الحمد کا کیا مطلب ہے؟

الف) عبادت

ب) تعریف✓

ج) دعا

د) ہدایت

۲۔ رب کا کیا مطلب ہے؟

الف) بادشاہ

ب) پالنے والا✓

ج) معبود

د) نبی

۳۔ العالمین کا کیا مطلب ہے؟

الف) آسمان

ب) زمین

ج) تمام جہان✓

د) انسان

۴۔الرحمن کا کیا مطلب ہے؟

الف) طاقتور

ب) نہایت مہربان✓

ج) مالک

د) عادل

۵۔الرحیم کا کیا مطلب ہے؟

الف) رزق دینے والا

ب) بہت رحم کرنے والا✓

ج) بادشاہ

د) معاف کرنے والا

۶۔مالک کا کیا مطلب ہے؟

الف) محافظ

ب) اختیار رکھنے والا✓

ج) مددگار

د) دوست

۷۔الدین کا کیا مطلب ہے؟

الف) نماز

ب) قرآن

ج) بدلے کا دن✓

د) عبادت

۸۔نعبد کا کیا مطلب ہے؟

الف) دعا کرتے ہیں

ب) عبادت کرتے ہیں✓

ج) پڑھتے ہیں

د) چلتے ہیں

۹۔نستعین کا کیا مطلب ہے؟

الف) شکر کرتے ہیں

ب) مدد مانگتے ہیں✓

ج) سجدہ کرتے ہیں

د) دعا دیتے ہیں

۱۰۔الصراط کا کیا مطلب ہے؟

الف) منزل

ب) راستہ✓

ج) کتاب

د) مسجد

مختصر سوالات

۱۔ سورۃ الفاتحہ کا مرکزی پیغام کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا، اسی سے مدد مانگنا اور سیدھے راستے کی دعا کرنا۔

۲۔ "رب العالمین" کا کیا مطلب ہے؟

جواب: تمام جہانوں کا پالنے والا۔

۳۔ ہمیں ہدایت کس سے مانگنی چاہیے؟

جواب: صرف اللہ تعالیٰ سے۔

باب دوم: سورۃ الإخلاص اور سورۃ الکافرون

سورۃ الإخلاص

سورۃ الإخلاص مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ

آپ کہہ دیجیے کہ اللہ ایک ہے۔

آیت ۲

اللّٰهُ الصَّمَدُ

اللہ سب سے بے نیاز ہے اور سب اسی کے محتاج ہیں۔

آیت ۳

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ

نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کی اولاد ہے۔

آیت ۴

وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ

اور اس کا کوئی برابر یا ہم مثل نہیں ہے۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
قُلْ	کہہ دیجیے
هُوَ	وہ
اللّٰهُ	اللہ
أَحَدٌ	ایک
الصَّمَدُ	سب سے بے نیاز
لَمْ	نہیں
يَلِدْ	وہ کسی کا باپ ہے
يُولَدْ	وہ پیدا ہوا
كُفُوًا	برابر
أَحَدٌ	کوئی

سورۃ الکافرون

سورۃ الکافرون مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ

آپ کہہ دیجیے: اے انکار کرنے والو!

آیت ۲

لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ

میں ان کی عبادت نہیں کرتا جن کی تم عبادت کرتے ہو۔

آیت ۳

وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ

اور تم اس کی عبادت نہیں کرتے جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔

آیت ۴

وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدْتُمْ

اور نہ میں ان کی عبادت کرنے والا ہوں جن کی تم عبادت کرتے رہے ہو۔

آیت ۵

وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ

اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔

آیت ۶

لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ

تمہارا دین تمہارے لیے اور میرا دین میرے لیے ہے۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
قُلْ	کہہ دیجیے
الْكَافِرُونَ	انکار کرنے والے
لَا	نہیں
أَعْبُدُ	میں عبادت کرتا ہوں
تَعْبُدُونَ	تم عبادت کرتے ہو
عَابِدٌ	عبادت کرنے والا
لَكُمْ	تمہارے لیے

عربی لفظ	اردو معنی
دِينُكُمْ	تمہارا دین
وَلِيَ	اور میرے لیے
دِينِ	میرا دین

مشق باب دوم

کثیر الانتخاب سوالات

۱۔ سورۃ الإخلاص میں اللہ تعالیٰ کو کیا فرمایا گیا ہے؟

الف) رحیم

ب) ایک ✓

ج) قادر

د) کریم

۲۔ "اللّٰہُ الصَّمَدُ" کا مطلب کیا ہے؟

الف) اللہ طاقتور ہے۔

ب) اللہ سب سے بے نیاز ہے۔✓

ج) اللہ سب کچھ دیکھتا ہے۔

د) اللہ رزق دیتا ہے۔

۳۔ سورۃ الإخلاص میں اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟

الف) اس کی اولاد ہے۔

ب) وہ پیدا ہوا۔

ج) نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کی اولاد۔✓

د) اس کے بہت سے شریک ہیں۔

۴۔ سورۃ الکافرون کا بنیادی پیغام کیا ہے؟

الف) تجارت

ب) سفر

ج) صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت ✓

د) زراعت

۵۔ "لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ" کا مطلب کیا ہے؟

الف) سب کا دین ایک ہے۔

ب) تمہارا دین تمہارے لیے اور میرا دین میرے لیے ہے۔✓

ج) دین چھوڑ دو۔

د) عبادت نہ کرو۔

۶۔ سورۃ الإخلاص میں کتنی آیات ہیں؟

الف) تین

ب) چار✓

ج) پانچ

د) چھ

۷۔ سورۃ الکافرون میں کتنی آیات ہیں؟

الف) چار

ب) پانچ

ج) چھ✓

د) سات

۸۔ مسلمان کس کی عبادت کرتے ہیں؟

الف) فرشتوں کی

ب) انبیاء کی

ج) صرف اللہ تعالیٰ کی✓

د) سورج کی

۹۔ اللہ تعالیٰ کا کوئی _____ نہیں۔

الف) دوست

ب) گھر

ج) شریک✓

د) شہر

۱۰۔ توحید کا مطلب کیا ہے؟

الف) نماز پڑھنا

ب) روزہ رکھنا

ج) اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا✓

د) زکوٰۃ دینا

الفاظ و معانی (کثیر الانتخاب سوالات)

۱۔ اَحد کا کیا مطلب ہے؟

الف) عظیم

ب) ایک✓

ج) مہربان

د) مالک

۲۔ الصمد کا کیا مطلب ہے؟

الف) رحم کرنے والا

ب) سب سے بے نیاز✓

ج) بادشاہ

د) رزق دینے والا

۳۔ یولد کا کیا مطلب ہے؟

الف) عبادت کرنا

ب) پیدا ہونا✓

ج) دعا کرنا

د) چلنا

۴۔ کفوا کا کیا مطلب ہے؟

الف) دوست

ب) برابر✓

ج) مددگار

د) بیٹا

۵۔ الکافرون کا کیا مطلب ہے؟

الف) مسلمان

ب) انکار کرنے والے✓

ج) ایمان والے

د) مسافر

۶۔ أعبد کا کیا مطلب ہے؟

الف) میں پڑھتا ہوں

ب) میں عبادت کرتا ہوں✓

ج) میں لکھتا ہوں

د) میں سوتا ہوں

۷۔ تعبدون کا کیا مطلب ہے؟

الف) تم کھیلتے ہو

ب) تم عبادت کرتے ہو✓

ج) تم سوتے ہو

د) تم چلتے ہو

۸۔ عابد کا کیا مطلب ہے؟

الف) طالب علم

ب) عبادت کرنے والا✓

ج) استاد

د) دوست

۹۔ دینکم کا کیا مطلب ہے؟

الف) تمہارا گھر

ب) تمہارا دین✓

ج) تمہارا مال

د) تمہارا راستہ

۱۰۔ ولي کا کیا مطلب ہے؟

الف) تمہارا

ب) میرا✓

ج) ہمارا

د) ان کا

مختصر سوالات

۱۔ سورۃ الإخلاص کا مرکزی پیغام کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اور صرف اسی کی عبادت کرنی چاہیے۔

۲۔ "اللہُ الصَّمَدُ" کا کیا مطلب ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ سب سے بے نیاز ہے اور تمام مخلوق اسی کی محتاج ہے۔

۳۔ سورۃ الکافرون ہمیں کیا سبق دیتی ہے؟

جواب: مسلمان صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اور اپنے دین پر ثابت قدم رہتے ہیں۔

باب سوم: سورۃ الفلق اور سورۃ الناس

سورۃ الفلق

سورۃ الفلق مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ

آپ کہہ دیجیے: میں صبح کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔

آیت ۲

مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ

اس کی پیدا کی ہوئی ہر چیز کے شر سے۔

آیت ۳

وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ

اور اندھیری رات کے شر سے، جب وہ چھا جائے۔

آیت ۴

وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ

اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے۔

آیت ۵

وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

اور حسد کرنے والے کے شر سے، جب وہ حسد کرے۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
قُلۡ	کہہ دیجیے
اَعُوۡذُ	میں پناہ مانگتا ہوں
بِرَبِّ	رب کی
الۡفَلَقِ	صبح
شَرِّ	برائی
خَلَقَ	پیدا کیا
غَاسِقٍ	اندھیری رات

عربی لفظ	اردو معنی
النَّفَّاثَاتِ	گرہوں میں پھونکنے والیاں
الْعُقَدِ	گرہیں
حَاسِدٍ	حسد کرنے والا

سورۃ الناس

سورۃ الناس مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ

آپ کہہ دیجیے: میں لوگوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔

آیت ۲

مَلِكِ النَّاسِ

جو لوگوں کا بادشاہ ہے۔

آیت ۳

إِلَٰهِ النَّاسِ

جو لوگوں کا معبود ہے۔

آیت ۴

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ

وسوسہ ڈالنے والے، چھپ جانے والے کے شر سے۔

آیت ۵

الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ

جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔

آیت ۶

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
قُلْ	کہہ دیجیے
أَعُوذُ	میں پناہ مانگتا ہوں

عربی لفظ	اردو معنی
رَبِّ	رب
النَّاسِ	لوگ
مَلِکِ	بادشاہ
اِلٰہِ	معبود
الْوَسْوَاسِ	وسوسہ ڈالنے والا
الْخَنَّاسِ	چھپ جانے والا
صُدُورِ	دل
الْجِنَّةِ	جنات

مشق باب سوم

کثیر الانتخاب سوالات

۱۔ سورۃ الفلق میں کس کی پناہ مانگنے کا حکم دیا گیا ہے؟

الف) فرشتوں کی

ب) اللہ تعالیٰ کی✔

ج) انسانوں کی

د) بادشاہ کی

۲۔ سورۃ الفلق میں کس بری عادت کا ذکر ہے؟

الف) غصہ

ب) جھوٹ

ج) حسد✔

د) سستی

۳۔ سورۃ الفلق میں کتنی آیات ہیں؟

الف) چار

ب) پانچ✔

ج) چھ

د) سات

۴۔ سورۃ الناس میں اللہ تعالیٰ کو کیا فرمایا گیا ہے؟

الف) صرف رب

ب) صرف بادشاہ

ج) صرف معبود

د) رب، بادشاہ اور معبود✓

۵۔ وسوسہ کون ڈالتا ہے؟

الف) فرشتہ

ب) شیطان✓

ج) استاد

د) دوست

۶۔ سورۃ الناس میں کتنی آیات ہیں؟

الف) پانچ

ب) چھ✓

ج) سات

د) آٹھ

۷۔ ہمیں ہر قسم کی برائی سے کس کی پناہ مانگنی چاہیے؟

الف) والدین کی

ب) دوستوں کی

ج) اللہ تعالیٰ کی✓

د) استاد کی

۸۔ شیطان کہاں وسوسہ ڈالتا ہے؟

الف) ہاتھ میں

ب) آنکھ میں

ج) دل میں✓

د) پاؤں میں

۹۔ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو کیا کہا جاتا ہے؟

الف) سورتیں

ب) معوذتین✓

ج) مکی آیات

د) دعائیں

۱۰۔ ان دونوں سورتوں کا بنیادی پیغام کیا ہے؟

الف) تجارت

ب) سفر

ج) اللہ تعالیٰ کی پناہ اور حفاظت حاصل کرنا✓

د) علم حاصل کرنا

الفاظ و معانی (کثیر الانتخاب سوالات)

۱۔ الفلق کا کیا مطلب ہے؟

الف) رات

ب) صبح ✓

ج) دن

د) سورج

۲۔ أعوذ کا کیا مطلب ہے؟

الف) دعا کرتا ہوں

ب) پناہ مانگتا ہوں ✓

ج) نماز پڑھتا ہوں

د) سجدہ کرتا ہوں

۳۔ شر کا کیا مطلب ہے؟

الف) بھلائی

ب) برائی ✓

ج) نعمت

د) خوشی

۴۔ حاسد کا کیا مطلب ہے؟

الف) دوست

ب) حسد کرنے والا ✓

ج) مددگار

د) مسافر

۵۔ الناس کا کیا مطلب ہے؟

الف) فرشتے

ب) لوگ ✓

ج) بچے

د) مسلمان

۶۔ ملک کا کیا مطلب ہے؟

الف) نبی

ب) بادشاہ ✓

ج) استاد

د) خادم

۷۔ إله کا کیا مطلب ہے؟

الف) بادشاہ

ب) معبود ✓

ج) دوست

د) خالق

۸۔الوسواس کا کیا مطلب ہے؟

الف) فرشتہ

ب) وسوسہ ڈالنے والا✔

ج) دوست

د) معلم

۹۔الخناس کا کیا مطلب ہے؟

الف) ظاہر ہونے والا

ب) چھپ جانے والا✔

ج) سچ بولنے والا

د) نیک آدمی

۱۰۔صدور کا کیا مطلب ہے؟

الف) آنکھیں

ب) ہاتھ

ج) دل✔

د) کان

مختصر سوالات

۱۔سورۃ الفلق میں کن چیزوں کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگی گئی ہے؟

جواب: تمام مخلوق کی برائی، اندھیری رات، گرہوں میں پھونکنے والیوں اور حسد کرنے والے کے شر سے۔

۲۔سورۃ الناس میں وسوسہ ڈالنے والا کون ہے؟

جواب: شیطان، جو انسانوں کے دلوں میں برے خیالات ڈالتا ہے۔

۳۔ہمیں سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کب پڑھنی چاہییں؟

جواب: صبح و شام، سونے سے پہلے اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور پناہ حاصل کرنے کے لیے۔

باب چہارم: سورۃ العصر اور سورۃ الھمزۃ

سورۃ العصر

سورۃ العصر مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

وَالْعَصْرِ

قسم ہے زمانے کی۔

آیت ۲

إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ

بے شک انسان خسارے میں ہے۔

آیت ۳

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے، نیک عمل کیے، ایک دوسرے کو حق بات کی نصیحت کی اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کی۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
العصر	زمانہ
الإنسان	انسان
خسر	خسارہ
آمنوا	ایمان لائے
عملوا	عمل کیے
الصالحات	نیک اعمال
تواصوا	ایک دوسرے کو نصیحت کی
الحق	حق
الصبر	صبر
إلا	مگر

سورۃ الھمزۃ مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ

تباہی ہے ہر اس شخص کے لیے جو دوسروں پر طعنہ دیتا اور ان کا مذاق اڑاتا ہے۔

آیت ۲

الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ

جو مال جمع کرتا ہے اور اسے بار بار گنتا رہتا ہے۔

آیت ۳

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ

وہ سمجھتا ہے کہ اس کا مال اسے ہمیشہ زندہ رکھے گا۔

آیت ۴

كَلَّا ۖ لَيُنۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ

ہرگز نہیں، وہ ضرور بھڑکتی ہوئی آگ میں پھینک دیا جائے گا۔

آیت ۵

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ

اور آپ کیا جانیں کہ وہ بھڑکتی ہوئی آگ کیا ہے؟

آیت ٦

نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ

وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔

آیت ۷

الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ

جو دلوں تک پہنچ جائے گی۔

آیت ۸

إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ

بے شک وہ ان پر بند کر دی جائے گی۔

آیت ۹

فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ

لمبے ستونوں میں۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
ویل	تباہی
ھمزۃ	طعنہ دینے والا
لمزۃ	مذاق اڑانے والا
جمع	جمع کیا
مالا	مال
عددہ	گنتا رہا
الحطمۃ	بھڑکتی ہوئی آگ
نار	آگ
الأفئدۃ	دل
مؤصدۃ	بند کر دی گئی

مشق باب چہارم

کثیر الانتخاب سوالات

۱۔ سورۃ العصر میں کس چیز کی قسم کھائی گئی ہے؟

الف) سورج

ب) زمانے کی ✓

ج) چاند

د) ستاروں کی

۲۔ سورۃ العصر کے مطابق کامیاب کون ہیں؟

الف) مالدار لوگ

ب) طاقتور لوگ

ج) ایمان والے اور نیک عمل کرنے والے ✓

د) مشہور لوگ

۳۔ سورۃ العصر میں کس بات کی تلقین کی گئی ہے؟

الف) تجارت

ب) کھیل

ج) حق اور صبر ✓

د) سفر

۴۔ سورۃ الھمزۃ میں کس کے لیے تباہی کی خبر ہے؟

الف) محنت کرنے والے

ب) طعنہ دینے اور مذاق اڑانے والے✓

ج) غریب لوگوں

د) مسافروں

۵۔ سورۃ الھمزۃ میں مال جمع کرنے والے کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟

الف) وہ ہمیشہ زندہ رہے گا۔

ب) وہ سب سے بڑا ہو گا۔

ج) وہ غلط سمجھتا ہے کہ مال اسے ہمیشہ زندہ رکھے گا۔✓

د) وہ ہمیشہ خوش رہے گا۔

۶۔ "الحطمۃ" سے کیا مراد ہے؟

الف) باغ

ب) دریا

ج) بھڑکتی ہوئی آگ✓

د) پہاڑ

۷۔ سورۃ العصر میں کتنی آیات ہیں؟

الف) دو

ب) تین✓

ج) چار

د) پانچ

۸۔ سورۃ الھمزۃ میں کتنی آیات ہیں؟

الف) سات

ب) آٹھ

ج) نو✓

د) دس

۹۔ اچھا مسلمان دوسروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتا ہے؟

الف) سختی سے

ب) مذاق اڑا کر

ج) احترام اور محبت سے✓

د) غصے سے

۱۰۔ وقت کی قدر کرنے کا کیا فائدہ ہے؟

الف) وقت ضائع ہوتا ہے۔

ب) کوئی فائدہ نہیں۔

ج) انسان کامیاب بنتا ہے۔✓

د) صرف کھیلنے کا وقت ملتا ہے۔

لفاظ و معانی (کثیر الانتخاب سوالات)

۱۔ العصر کا کیا مطلب ہے؟

الف) صبح

ب) زمانہ ✓

ج) رات

د) سورج

۲۔ خسر کا کیا مطلب ہے؟

الف) کامیابی

ب) خسارہ ✓

ج) خوشی

د) علم

۳۔ الصالحات کا کیا مطلب ہے؟

الف) نماز

ب) نیک اعمال ✓

ج) روزہ

د) دعا

۴۔ الحق کا کیا مطلب ہے؟

الف) جھوٹ

ب) سچ ✓

ج) مال

د) علم

۵۔ الصبر کا کیا مطلب ہے؟

الف) خوشی

ب) صبر ✓

ج) غصہ

د) خوف

۶۔ ھمزۃ کا کیا مطلب ہے؟

الف) مدد کرنے والا

ب) طعنہ دینے والا ✓

ج) سچ بولنے والا

د) عبادت کرنے والا

۷۔ لمزۃ کا کیا مطلب ہے؟

الف) دوست

ب) مذاق اڑانے والا✓

ج) مسافر

د) استاد

۸۔ الحطمۃ کا کیا مطلب ہے؟

الف) باغ

ب) دریا

ج) بھڑکتی ہوئی آگ✓

د) پہاڑ

۹۔ مال کا کیا مطلب ہے؟

الف) کتاب

ب) دولت✓

ج) گھر

د) لباس

۱۰۔ نار کا کیا مطلب ہے؟

الف) پانی

ب) آگ✓

ج) ہوا

د) مٹی

مختصر سوالات

۱۔ سورۃ العصر کا مرکزی پیغام کیا ہے؟

جواب: ایمان، نیک اعمال، حق کی نصیحت اور صبر اختیار کرنا کامیابی کا راستہ ہے۔

۲۔ سورۃ الھمزۃ ہمیں کس بری عادت سے منع کرتی ہے؟

جواب: دوسروں کا مذاق اڑانے، طعنہ دینے اور مال پر غرور کرنے سے منع کرتی ہے۔

۳۔ ہمیں اپنے وقت کو کیسے استعمال کرنا چاہیے؟

   a) Files b) Games c) Videos d) Devices
5. The _____ tab is used to add pictures.
   a) Home b) Insert c) Review d) View
6. Bold formatting makes text appear _____.
   a) Light b) Dark c) Hidden d) Small
7. PowerPoint presentations are shown in the form of _____.
   a) Slides b) Rows c) Pages d) Sheets
8. Canva is mainly used for _____ designing.
   a) Graphic b) Medical c) Scientific d) Banking
9. Slide transitions add _____ between slides.
   a) Pictures b) Effects c) Music d) Tables
10. Google Maps helps users find _____.
    a) Games b) Routes c) Printers d) Paintings
11. Online shopping requires an _____ connection.
    a) Electricity b) Internet c) Printer d) Scanner
12. Digital wallets are used for _____.
    a) Cooking b) Payments c) Drawing d) Printing
13. Strong passwords improve online _____.
    a) Security b) Brightness c) Printing d) Typing
14. Plagiarism means copying someone's _____.
    a) Homework b) Work c) Keyboard d) Folder
15. Eye strain can result from excessive _____ use.
    a) Computer b) Book c) Pen d) Paper

Model Paper

Computer Science for DSE Part-I
(Practical)

Total Marks: 70 **Time Allowed: 3 Hours**

Part-1

Practical Notebook **(20 Marks)**

Part-2

Note: Attempt any 5 Questions. **(50 Marks)**

Q1- Create a folder on Desktop named "DSE Practical". Perform the following tasks:

1. Create a sub-folder named "MS Word".
2. Rename the folder "MS Word" to "Word Work".
3. Create a text file inside the folder.
4. Delete the text file and restore it from Recycle Bin.
5. Take screenshot of Desktop using Snipping Tool and save it inside the folder.

Q2- Open MS Word and type a paragraph on "Importance of Computer Education". Apply the following formatting:

1. Change font size to 16.
2. Apply Bold to heading.
3. Change text color.
4. Align paragraph to Justify.
5. Save the file as "Computer Education".

Q3- Type the given paragraph in MS Word within assigned time.

Requirements:

- Correct spelling
- Proper spacing
- Proper punctuation
- Save document with your name

Q4- Create a 5-slide PowerPoint presentation on "Digital Technology in Education".

Your presentation must include:

1. Title Slide
2. Text and Images
3. Theme Design
4. Slide Transitions
5. Animation on one object

Run the slideshow before submission.

Q5- Open Windows Accessibility Settings and perform the following:

1. Turn ON Magnifier.
2. Open On-Screen Keyboard.
3. Change display to High Contrast mode.
4. Take screenshot of Accessibility Settings.
5. Save screenshot on Desktop.

Q6- Create a class timetable in MS Word using table option.

Requirements:

- Minimum 5 rows and 5 columns
- Add heading “Class Timetable”
- Apply table borders and shading
- Center align the heading

Q7- Create a 4-slide presentation on “Healthy Computer Use”.

Requirements:

- Insert pictures
- Apply animation effects
- Add slide transitions
- Use different slide layouts
- Run slideshow

Q8-Using Google Maps:

1. Search Lahore city.
2. Find route from Lahore to Sargodha.
3. Zoom in and zoom out map.
4. Locate nearby hospital or school.
5. Take screenshot of map.

==========

PHYSICAL EDUCATION - I

(Elective)

فزیکل ایجوکیشن (جسمانی تعلیم)
ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت
(سال اول)

اہداف و مقاصد

1۔ جسمانی فٹنس میں بہتری:متاثرہ سماعت طلباء کی جسمانی صحت، لچک، توازن اور قوتِ برداشت کو بہتر بنانا
2۔**سماجی میل جول اور ٹیم ورک کی صلاحیتوں کا فروغ:**طلباء کو گروہی کھیلوں میں شامل کر کے باہمی تعاون، برداشت اور دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی تربیت دینا
3۔**حرکی مہارتوں کی ترقی**: بنیادی جسمانی حرکات جیسے دوڑ، چھلانگ، پھینکنے، پکڑنے اور توازن کے ذریعے موٹر اسکلز میں بہتری لانا۔
4۔**اعتماد اور خود انحصاری کا فروغ:** کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے طلباء کے اعتماد اور خود پر یقین کو بڑھانا۔
5۔**تفریح اور ذہنی دباؤ میں کمی**: جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے طلباء کو خوشی، تفریح اور ذہنی سکون فراہم کرنا۔
6۔ **صحت مند طرزِ زندگی کی ترغیب**: فزیکل ایجوکیشن کے ذریعے طلباء کو صحت مند عادات اپنانے اور متحرک طرزِ زندگی اختیار کرنے کی تربیت دینا۔
7۔ بصری اور جسمانی اشاروں کی سمجھ بوجھ میں بہتری: غیر زبانی ابلاغ جیسے اشاروں، باڈی لینگویج اور بصری ہدایات کو سمجھنے اور استعمال کرنے کی صلاحیت کو بہتر بنانا
8۔ **قواعد و ضوابط کی پاسداری کی تربیت**: کھیلوں کے ذریعے طلباء کو نظم و ضبط، اصولوں کی پابندی، اور کھیل کی اخلاقیات سیکھنے کا موقع دینا۔
9۔ **محفوظ کھیل کے اصول سکھانا**: جسمانی سرگرمیوں میں شرکت کے دوران حفاظتی اقدامات، ابتدائی طبی امداد، اور خطرات سے بچاؤ کے اصولوں سے آگاہی فراہم کرنا۔
10۔ **ہم نصابی سرگرمیوں میں شرکت کی حوصلہ افزائی**:کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے طلباء کو اسکول/کالج کی ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دینا تاکہ ان کی سماجی و تعلیمی نشوونما ہو

امتحانی پرچہ میں سوالات اور نمبروں کی تقسیم

کل نمبر: 100

حصہ تھیوری: 30 نمبر

حصہ پریکٹیکل: 70 نمبر

نوٹ: حصہ تھیوری اور حصہ پریکٹیکل دونوں پاس کرنا لازمی ہیں۔

حصہ تھیوری

سوال نمبر ۱: معروضی سوالات (۱۰ نمبر)

سوال نمبر ۲: خالی جگہ پر کریں (۱۰ نمبر)

سوال نمبر ۳: مختصر سوالات (۱۰ نمبر)

حصہ پریکٹیکل

حصہ (الف): پریکٹیکل کاپی (لازمی) : 20 نمبر

حصہ (ب): سوالات کا عملی مظاہرہ: 50 نمبر

نوٹ: سوالات ماڈل پیپر کی طرز پر ہوں گے۔

فہرست ابواب و سلیبس

باب اوّل

تعلیم جسمانی کا تعارف و اہمیت

i. تعلیم جسمانی کی تعریف
ii. تعلیم جسمانی کی اہمیت
iii. قرآن اور تعلیم جسمانی
iv. موجودہ دور میں تعلیم جسمانی
v. تعلیم جسمانی کی سرگرمیاں

باب دوم

صحت اور متوازن غذا

i. صحت سے کیا مراد ہے۔
ii. صحت کی تعریف کریں
iii. متوازن غذا کی تعریف کریں۔
iv. صحت مند رہنے کے اصول
v. بہترین صحت اور بہترین غذا
vi. غذا کے اجزاء و فوائد

باب سوم

منظم کھیلیں (والی بال، ٹیبل ٹینس)

i. والی بال گیم کے قوانین
ii. ٹیبل ٹینس میز کی لمبائی چوڑائی
iii. ٹیبل ٹینس کی مہارتیں
iv. والی بال سروس کی اقسام
v. والی بال کورٹ کی لمبائی چوڑائی

باب چہارم

کسرتی کھیلیں (شاٹ پٹ، جیولن تھرو، لانگ جمپ 100 اور 200، میٹر ریس)

i. جیولن تھرو کے قوانین
ii. لانگ جمپ کے فاؤلز
iii. شاٹ پٹ کے قوانین
iv. 100 میٹر دوڑ کی شروعات
v. 200 میٹر دوڑ کے قوانین اور فاؤلز

باب پنجم

حفظانِ صحت:

i. حفظان صحت کی تعریف
ii. حفظانِ صحت کے مقاصد
iii. بیماریوں کی روک تھام
iv. ہاتھ، ناک، دانت، ناخن اور جلد کی صفائی
v. وضو اور غسل کا طریقہ

باب اوّل: تعلیم جسمانی کا تعارف واہمیت



1.1) مختصر سوالات

س1: تعلیم جسمانی کی تعریف کریں۔

ج: تعلیم جسمانی (Physical Education) وہ تعلیم ہے جس میں انسان کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے سیکھتا ہے اور صحت مند رہتا ہے۔

س2: تعلیم جسمانی کی اہمیت بیان کریں۔

ج:1۔ ذہنی پریشانیوں سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

2۔ فرصت کے اوقات کا درست استعمال ہوتا ہے۔

س3: تعلیم جسمانی کے بارے میں قرآن کی ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

ج: سورۃ القراہ میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

"اور اللہ نے اسے علم اور جسمانی طاقت میں زیادہ وسعت عطا فرمائی"

س4: موجودہ دور میں تعلیم جسمانی کیوں ضروری ہے؟

ج: آجکل کے مشینی دور نے انسان کو سست اور کاہل بنا دیا ہے تعلیم جسمانی کی سرگرمیاں افراد کو صحت مند توانا اور ہشاش بشاش (Active) بناتی ہیں۔

س5: تعلیم جسمانی کی سرگرمیاں کون کونسی ہیں؟ کوئی سی چار سرگرمیوں کے نام لکھیں۔

ج: چلنا (walk) قلابازی (Cartwheel) پش اپس (Pushups) دوڑنا (Running)

س6: تعلیم جسمانی کا مقصد کیا ہے؟

ج: تعلیم جسمانی کا مقصد افراد کو صحت مند (Healthy) مضبوط (Strong) اور معاشرے کے فعال (Active) شہری بنانا ہے۔

س7: جسمانی سرگرمیاں افراد کو کیا سکھاتی ہیں؟

ج: تنظم وضبط (Discipline)　　تعاون (Co-operation)

ٹیم ورک (Teamwork)　　قیادت (Leadership)

1.2) مندرجہ ذیل میں سے درست جواب پر نشان لگائیں:۔

1۔ تعلیم جسمانی۔۔۔۔ کی حرکات اور ان سے متعلق ردِ عمل سے وابستہ ہے۔

i) کمزور عضلات　ii) طاقتور عضلات　iii) بڑے عضلات　iv) چھوٹے عضلات

2۔ تعلیم جسمانی کی سرگرمیاں افراد کی ذہنی، جسمانی اور سماجی۔۔۔ کرتی ہیں۔

i) اصلاح　ii) ترقی　iii) تنقید　iv) سدھار

3۔ تعلیم جسمانی عام تعلیم کا حصّہ ہے۔

i) غیر ضروری　ii) لازمی　iii) مناسب　iv) نامناسب

4۔ مشینی دور نے انسان کو۔۔۔۔۔ بنا دیا ہے۔

i) کمزور　ii) عجیب　iii) بیمار　iv) سست اور کاہل

5۔ تعلیم جسمانی کا مقصد افراد کو۔ بنانا ہے۔

i) سمجھدار　ii) بیوقوف　iii) صحت مند　iv) بدتمیز

6۔ تعلیم جسمانی کس عمر کے افراد کے لیے ضروری ہے؟

i) صرف بوڑھوں کے لیے　ii) صرف بچوں کے لیے　iii) ہر عمر کے لیے　iv) صرف نوجوانوں کے لیے

7۔ تعلیم جسمانی کا حصّہ کیا ہے؟

i) کھیل　ii) کتابیں　iii) ٹی وی　iv) نیند

8۔ صحت مند زندگی کا راز کیا ہے؟

i) ورزش اور جسمانی تعلیم　ii) زیادہ سونا　iii) کم کھانا　iv) آرام کرنا

9۔ جسمانی سرگرمیوں میں شامل ہے۔

i) چلنا　ii) دوڑنا　iii) جمپ کرنا　iv) تمام

10۔ کھیل کود سے ذہنی صحت پر اثر پڑتا ہے۔

i) خراب　ii) بہتر　iii) کمزور　iv) کوئی اثر نہیں

جوابات:

1۔ بڑے عضلات　2۔ اصلاح　3۔ لازمی　4۔ سست اور کاہل　5۔ صحت مند

6۔ ہر عمر کے لیے　7۔ کھیل　8۔ ورزش اور تعلیم جسمانی　9۔ تمام　10۔ بہتر

1.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ تعلیم جسمانی سے جسم۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

i) سست ii) مضبوط iii) بیمار iv) کمزور

2۔ روزانہ ورزش کرنے سے انسان۔۔۔۔۔۔۔ رہتا ہے۔

i) صحت مند ii) ناراض iii) بدگمان iv) بدلحاظ

3۔ کھیل کود سے انسان میں۔۔۔۔۔۔۔ بڑھتا ہے۔

i) اعتماد ii) خودغرضی iii) لالچ iv) خوف

4۔ جسمانی سرگرمیاں انسان کو۔۔۔۔۔۔۔ رکھتی ہیں۔

i) غیر فعال ii) پریشان iii) متحرک iv) بے چین

5۔ مشینی دور نے انسان کو۔۔۔۔۔۔ بنا دیا ہے۔

i) کمزور ii) سست iii) عجیب iv) بیمار

6۔ صحت مند جسم میں صحت مند۔۔۔ ہوتا ہے۔

i) خون ii) دماغ iii) دل iv) جسم

7۔ جسمانی تعلیم انسان کو۔۔۔۔ اور عادات اپنانے میں مدد دیتی ہے۔

i) بُری ii) اچھی iii) خطرناک iv) غیر ضروری

8۔ قرآن انسان کو۔۔۔۔۔ اور طاقتور بننے کی ترغیب دیتا ہے۔

i) بے ترتیب ii) مضبوط iii) غیر متوازن iv) کاہل

9۔ صحت مند جسم کے لیے قرآن۔۔۔۔۔۔ کی تعلیم دیتا ہے۔

i) آرام ii) اعتدال iii) سستی iv) فضول خرچی

10۔ دوڑنا ایک اہم۔۔۔۔۔ سرگرمی ہے۔

i) تعلیمی ii) سماجی iii) ذہنی iv) جسمانی

جوابات:

1۔ مضبوط 2۔ صحت مند 3۔ اعتماد 4۔ متحرک 5۔ سُست

6۔ دماغ 7۔ اچھی 8۔ مضبوط 9۔ اعتدال 10۔ جسمانی

1.4) سرگرمی

1۔ طلبہ درج ذیل جسمانی سرگرمیوں کو ایک ہفتے تک کریں۔ اور اپنی کارگردگی نوٹ کریں۔

i. چلنا (walking)

ii. دوڑنا (Running)

iii. پش اپس کرنا (Pushups)

iv. قلابازی لگانا (Cartwheel)



باب دوم

صحت اور متوازن غذا



1.1) مختصر سوالات

س1: صحت سے کیا مراد ہے؟

ج: صحت وہ حالت ہے جس میں انسان نہ بیمار ہو نہ کمزور ہو بلکہ خود کو چست اور مضبوط محسوس کرے۔

س2: متوازن غذا سے کیا مراد ہے؟

ج: متوازن سے مراد ایسی خوراک ہے جس میں جسم کی ضرورت کے مطابق تمام غذائی اجزاء مناسب مقدار میں شامل ہوں۔

س3: صحت مند رہنے کے دو اصول بیان کریں۔

ج:1۔ متوازن غذا کا استعمال کریں۔

2۔ روزانہ 20۔30 منٹ ورزش کریں۔

س4: بہترین صحت اور بہترین غذا کا آپسی تعلق بیان کریں۔

ج: بہترین غذا اچھی صحت کی بنیاد ہے۔ اگر خوراک اچھی ہو تو جسم مضبوط، چست اور بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

س5: متوازن غذا کے اجزاء کون کونسے ہیں؟ نام لکھیں۔

ج: 1۔ پروٹین (Protein) 2۔ کاربوہائیڈریٹس (Carbohydrate) 3۔ فیٹس (Fats)

4۔ وٹامن (Vitamins) 5۔ منرلز (Minerals) 6۔ پانی (Water)

س6: صحت مند رہنے کے لیے کن چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے؟

ج: 1۔ بُری عادات 2۔ غیر صحت مند غذا 3۔ صفائی کا خیال نہ رکھنا 4۔ ورزش نہ کرنا

س7: جنک فوڈ سے کیا مراد ہے؟

ج: غ ی ر ص ح ت اور ن ق ص ان د ہ غ ذ ا ک و ج ن ک ف (Burger) پیزا (Pizza) فرائز (Fries) اور کولڈ ڈرنکس (Cold Drinks) وغیرہ۔

2.2) درج ذیل میں سے درست جواب پر نشان لگائیں۔

1۔ متوازن غذا کا مطلب ہے۔

i) گوشت ii) سبزیاں iii) مختلف غذائی اجزاء کا مناسب استعمال iv) میٹھا

2۔ جسم کا توانائی کس چیز سے ملتی ہے۔

i) پانی ii) پروٹین iii) کاربوہائیڈریٹس iv) وٹامن

3۔ جسم کے لیے سب سے زیادہ ضروری جُز کونسا ہے؟

i) پانی ii) چاکلیٹ iii) آئس کریم iv) چپس

4۔ صحت مند جسم کی نشانی ہے۔

i) کمزوری ii) تھکن iii) بیماری iv) توانائی

5۔ صحت مند زندگی کا اصول ہے۔

i) متوازن غذا ii) نامناسب کھانا iii) صرف نیند iv) صرف آرام

6۔ انسان کی نشوونما کے لیے کونسا جُز ضروری ہے؟

i) چکنائی ii) پروٹین iii) پانی iv) وٹامن

7۔ زیادہ چکنائی کھانے سے کیا ہوتا ہے؟

i) کمزوری ii) موٹاپا iii) قد میں اضافہ iv) بہتر صحت

8۔ روزانہ کتنے گلاس پانی پینا چاہیے؟

i) 2-3 ii) 4-5 iii) 6-8 iv) 10-12

9۔ جنک فوڈ کا زیادہ استعمال پیدا کرتا ہے؟

i) طاقت ii) تعلیم iii) بیماریاں iv) چکنائی

10۔ صفائی نصف ایمان ہے۔ یہ کس سے متعلق ہے۔

i) کھانے سے ii) کھیل سے iii) تعلیم سے iv) صحت سے

جوابات:

1۔ مختلف غذائی اجزاء کا مناسب استعمال 2۔ کاربوہائیڈریٹس 3۔ پانی 4۔ توانائی

5۔ متوازن غذا 6۔ پروٹین 7۔ موٹاپا 8۔ 6-8 9۔ بیماریاں 10۔ صحت سے

2.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ صحت مند جسم کے لیے۔۔۔۔ غذا کا استعمال ضروری ہے۔

i) تلی ہوئی ii) فاسٹ فوڈ iii) متوازن iv) میٹھی

2۔۔۔۔۔۔ رہنا صحت کا اہم اصول ہے۔

i) گندا رہنا ii) صاف ستھرا رہنا iii) باادب رہنا iv) بدتمیز رہنا

3۔ وٹامنز کا اہم ذریعہ۔۔۔۔۔ ہیں۔

i) پھل اور سبزیاں ii) نمک iii) چینی iv) گوشت

4۔ صحت۔۔۔۔۔ کی محتاج ہے۔

i) فضول خرچی ii) کھیل iii) اچھی عادات iv) نیند

5۔ بیماریاں اور بُری صحت۔۔۔۔۔ کھانے کا نتیجہ ہیں۔

i) متوازن غذا ii) میٹھی غذا iii) جنک فوڈ iv) کوئی بھی نہیں

6۔ چکنائی (Fats) جسم کو۔۔۔۔۔۔ فراہم کرتی ہے۔

i) پانی ii) نمکیات iii) آئرن iv) حرارت

7۔ پروٹین۔۔۔۔۔ سے حاصل ہوتی ہے۔

i) گوشت اور انڈے ii) چینی iii) نمک iv) سبزیاں

8۔ کاربوہائیڈریٹس کا اہم ذرائع۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

i) گوشت ii) دودھ iii) روٹی، چاول iv) پھل

9۔ معدنیات (Minerals) جسم کی۔۔۔۔۔۔ کو مضبوط بناتے ہیں۔

i) ہڈیاں ii) بال iii) جلد iv) آنکھیں

10۔ پ ان ی ج س م ک ا ت ق ر ی ب آ ۔۔۔۔۔ ف ی ص د ح ص ّہ ہ و ت ا ہ ے۔

i) 20 فیصد ii) 40 فیصد iii) 70 فیصد iv) 90 فیصد

جوابات:

1۔ متوازن 2۔ صاف ستھرا رہنا 3۔ پھل اور سبزیاں 4۔ اچھی عادات 5۔ جنک فوڈ
6۔ حرارت 7۔ گوشت انڈے 8۔ روٹی چاول 9۔ ہڈیاں 10۔ 70 فیصد

2.4) سرگرمی/پریکٹیکل۔

1۔ غذا کی درجہ بندی کریں۔

طریقہ۔ مختلف کھانوں کی تصاویر جمع کریں۔

طلبہ انھیں 3 گروپس میں تقسیم کریں۔

1۔ متوازن غذا 2۔ غیر صحت بخش غذا 3۔ توانائی بخش غذا



باب سوم
منظم کھیلیں (والی بال، ٹیبل ٹینس)



3.1) مختصر سوالات۔

س1 والی بال گیم کے چار قوانین بیان کریں۔

ج: 1۔ ہر ٹیم میں 6 کھلاڑی ہوتے ہیں۔

2۔ کھیل سروس سے شروع ہوتا ہے۔

3۔ ہر ٹیم تین بار بال کو چھو سکتی ہے۔

4۔ میچ 25 پوائنٹس تک کھیلا جاتا ہے۔

س2: والی بال کورٹ کی لمبائی اور چوڑائی تحریر کریں۔

ج: لمبائی۔ 18 میٹر چوڑائی۔ 9 میٹر

س3: والی بال سروس کی اقسام کے نام لکھیں۔

ج: والی بال گیم میں تین طرح کی سروس ہوتی ہے۔

1۔ انڈر ہینڈ سروس (Underhand Service)

2۔ اوور ہینڈ سروس (Overhand Service)

3۔ جمپ سروس (Jump Service)

س4: ٹیبل ٹینس میز کی لمبائی اور چوڑائی تحریر کریں۔

ج: لمبائی۔2.74 میٹر چوڑائی۔ 1.52 میٹر

س5: ٹیبل ٹینس گیم کی کوئی سی دو مہارتیں تحریر کریں۔

ج:1۔ مختلف طریقے سے گیند کو سروس کرنا۔(Serve the Ball)

2۔ مخالف کی سروس کو صحیح طریقے سے واپس کھیلنا(Return the Ball)

س6۔ ٹیبل ٹینس گیم کے دو قوانین لکھیں۔

ج: 1۔ کھیل سروس سے شروع ہونا ہے جس میں گیند کو اُچھال کر ریکٹ سے مارا جاتا ہے۔

2۔ ٹیبل ٹینس کی ایک گیم 11 پوائنٹس کی ہوتی ہے۔

3.2) درج ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

1۔ ٹیبل ٹینس میں کھیل کا آغاز ہوتا ہے۔

(i) سرو (ii) جمپ (iii) بلاک (iv) اسماش

2۔ ٹیبل ٹینس نیٹ کی اونچائی کتنی ہوتی ہے؟

(i) 10.25 سینٹی میٹر (ii) 15.25 سینٹی میٹر (iii) 20 سینٹی میٹر (iv) 25 سینٹی میٹر

3۔ ٹیبل ٹینس کا کھیل کس ملک میں زیادہ مقبول ہے؟

(i) پاکستان (ii) بھارت (iii) چین (iv) جاپان

4۔ ٹیبل ٹینس بال کا معیاری سائز ہے۔

(i) 40mm (ii) 50mm (iii) 60mm (iv) 70mm

5۔ ٹیبل ٹینس ریکٹ کا وزن ہے۔

(i) 50-100 گرام (ii) 150-200 گرام (iii) 200-250 گرام (iv) 300 گرام

6۔ والی بال نیٹ کی اونچائی مردوں اور عورتوں کے لیے کتنی ہے؟

(i) 2.24اور2.43 میٹر (ii) 2.25اور2.44 میٹر (iii) 2.26اور2.47 میٹر (iv) 2.27اور2.48 میٹر

7۔ والی بال کا میچ عام طور پر کتنے سیٹس پر مشتمل ہوتا ہے؟

(i) 3 (ii) 4 (iii) 5 (iv) 6

8۔ والی بال میں سکورنگ کا نظام کیا کہلاتا ہے؟

(i) دفاعی حرکت (ii) پاس دیٹا (iii) ریلی (iv) فاؤل

9۔ والی بال کس ملک میں ایجاد ہوا؟

(i) انگلینڈ (ii) امریکہ (iii) چین (iv) جاپان

10۔ والی بال میں ٹائم آؤٹ "Time Out" کتنے وقت کا ہوتا ہے؟

(i) 30 سیکنڈ (ii) 2 منٹ (iii) 60 سیکنڈ (iv) 5 منٹ

جوابات:

1۔ سروس 2۔ 15.25 سینٹی میٹر 3۔ چین 4۔ 40mm 5۔ 150-200 گرام

6۔ 2.24 اور 2.43 میٹر 7۔ 5 8۔ ریلی 9۔ امریکہ 10۔ 60 سیکنڈ

3.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ والی بال کے موجد۔۔۔۔ ہیں۔

(i) پیلے (ii) مارادونا (iii) ولیم مورگن (iv) جیمز سمتھ

2۔ والی بال میں زور دار حملہ۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(i) شاٹ (ii) سروس (iii) دفاعی حرکت (iv) اسمیش (Smash)

3۔ والی بال میں دفاعی کھلاڑی۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(i) لبرو (ii) سکورر (iii) جج (iv) ریفری

4۔ والی بال میں ڈگ (Dig) سے مراد۔۔۔۔۔ ہے۔

(i) سروس کرنا (ii) مخالف کے حملے کو بچانا (iii) نیٹ لگانا (iv) کورٹ صاف کرنا

5۔ والی بال میں کھیل کے دوران نیٹ کو چھونا۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(i) غلطی (ii) پوائنٹ (iii) فاؤل (iv) پاس

6۔ ٹیبل ٹینس کو۔۔۔۔ بھی کہا جاتا ہے۔

(i) بیڈمنٹن (ii) پنگ پانگ (iii) لان ٹینس (iv) کرکٹ

7۔ ٹیبل ٹینس میں ہر کھلاڑی کو۔۔۔۔۔۔۔۔ سروسز ملتی ہیں۔

(i) 2 (ii) 3 (iii) 4 (iv) 5

8۔ ٹیبل ٹینس میں گیند کو ہاتھ سے پکڑنا۔۔۔۔۔ ہے۔

(i) جائز (ii) ضروری (iii) فاؤل (iv) پوائنٹ

9۔ ٹیبل ٹینس میں سروس کے دوران گیند کو پہلے۔۔۔۔۔۔۔۔ پر لگنا چاہیے۔

(i) مخالف سائیڈ (ii) اپنی سائیڈ (iii) نیٹ (iv) زمین

10۔ ٹیبل ٹینس میں سروس کے وقت گیند نیٹ سے ٹکرا جائے تو اسے۔۔۔۔۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(i) لیٹ (Let) (ii) ریلی (iii) فاؤل (iv) پوائنٹ

جوابات:

1۔ ولیم مورگن 2۔ اسمیش (Smash) 3۔ برو 4۔ مخالف کے حملے کو بچانا 5۔ فاؤل

6۔ پنگ پانگ 2-7 8۔ فاؤل 9۔ اپنی سائیڈ 10۔ لیٹ (Let)

3.4) سرگرمیاں۔ والی بال (Volley ball)

1۔ گراؤنڈ یا کورٹ میں لے جا کر طلبہ کو سروس کی پریکٹس کروائیں۔

والی بال کی سمیش سروس اور ڈگ کرنا سکھائیں۔

2۔ طلبہ کے چھوٹے گروپس بنا کر 4 بامقابلہ 4 منی میچ (Mini match) کروائیں

باقی طلبہ کو موقع دیں کہ وہ ریفری بن کر فیصلے کریں۔



3.5) سرگرمیاں۔ ٹیبل ٹینس (Table Tennis)

1۔ ٹیبل ٹینس میں طلبہ کو بال اوپر اُچھالنا اور صحیح سروس کی پریکٹس کروائیں۔

فور ہینڈ (Forehand) اور بیک ہینڈ (Backhand) شاٹس کی ڈرل کروائیں۔

2۔ طلبہ ایک چھوٹا میچ کھیلیں۔

ہر فاؤل پر کھیل روک کر وضاحت کریں۔



باب چہارم

کسرتی کھیلیں (شاٹ پٹ، جیولن تھرو، لمبی چھلانگ 100 میٹر ریس اور 200 میٹر ریس)



4.1) مختصر سوالات۔

1۔ جیولن تھرو (Javelin Throw) کے کوئی سے دو قوانین بیان کریں۔

ج:1۔ جیولین کو ایک ہاتھ سے پھینکا جائے۔

2۔ جیولین کو کندھے کے اوپر سے پھینکا جائے۔

س2۔ لانگ جمپ (long jump) کے دو فاولز تحریر کریں۔

ج۔ اگر کھلاڑی جمپ کرتے وقت ٹیک آف بورڈ کی لائن سے آگے پاؤں رکھ دے۔

لینڈنگ کے بعد آگے کی طرف سے گڑھے سے باہر نکلنا۔

س3۔ شاٹ پٹ (Shot put) کے دو قوانین تحریر کریں۔

ج:1۔ شاٹ پھینکتے وقت کھلاڑی کو دائرے کے اندر رہنا چاہیے۔

2۔ شاٹ کو کندھے کے قریب رکھ کر ایک ہاتھ سے پھینکنا۔

س4۔ 100m دوڑ کی شروعات کیسے کی جاتی ہے؟

ج۔ 100m دوڑ کی شروعات کراؤچ پوزیشن سے کی جاتی ہے۔

س5۔ 200m دوڑ کے دو قوانین تحریر کریں۔

ج1۔ ہر کھلاڑی اپنی مخصوص لین میں دوڑے گا۔

2۔ دوسرے کھلاڑی کو دھکا دینا فاؤل قرار دے دیا جائے گا۔

س6: لانگ جمپ کے دو قوانین لکھیں۔

ج: 1۔ کھلاڑی مخصوص رن وے پر دوڑ کر جمپ لگائے۔

2۔ ایک منٹ کے اندر اپنی کوشش مکمل کرے۔

4.2) درج ذیل میں سے درست جواب پر نشان لگائیں۔

1۔ شاٹ پٹ پھینکا جاتا ہے۔

i) دائرے کے اندر سے ii) لائن کے پیچھے سے iii) رن وے سے iv) میدان سے

2۔ شاٹ پٹ میں کتنے مواقع ملتے ہیں؟

i) 1 سے 2 ii) 3 سے 6 iii) 3 سے 8 iv) 8 سے 10

3۔ جیولن تھرو میں نیزہ پکڑا جاتا ہے۔

i) نوک سے ii) دم سے iii) گرپ (Grip) سے iv) درمیان سے

4۔ نیزہ (Javelin) زمین پر پہلے کس حصّے سے لگنا چاہیے؟

i) ہینڈل ii) درمیان iii) سلاخ iv) نوک

5۔ لانگ جمپ میں لینڈنگ کس جگہ ہوتی ہے؟

i) گھاس پر ii) ریت کے گڑھے میں iii) پانی میں iv) لکڑی پر

6۔ لانگ جمپ میں فاصلہ کہاں سے ناپا جاتا ہے؟

i) ریت میں سب سے پیچھے نشان سے ii) جہاں کھلاڑی کھڑا ہو iii) ٹیک آف بورڈ سے iv) رن وے سے

7۔ لانگ جمپ میں کامیاب جمپ کے لیے ضروری ہے۔

i) صحت و تندرستی ii) رک کر چھلانگ لگانا iii) صحیح ٹیک آف iv) بیٹھ کر جمپ

8۔ 100m ریس کس قسم کی دوڑ ہے؟

i) لمبی دوڑ ii) درمیانی دوڑ iii) سپرنٹ ریس iv) واک

9۔ 200m ریس کا آغاز ٹریک کے کس حصّے سے ہوتا ہے؟

i) سیدھی لائن سے ii) موڑ (Curve) سے iii) فیلڈ سے iv) سٹارٹ سے

10۔ 100 اور 200 میٹر ریس میں لین بدلنے کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

i) انعام ii) ریکارڈ iii) کامیابی iv) فاؤل

جوابات:

1۔ دائرے کے اندر سے　　2۔ 3 سے 6　　3۔ گرپ (Grip)　4۔ نوک

5۔ ریت کے گڑھے میں　　6۔ ریت میں سب سے پیچھے نشان سے　　7۔ صحیح ٹیک آف

8۔ سپرنٹ ریس　　9۔ موڑ (Curve)　10۔ فاؤل

4.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ جیولن تھرو ایک ۔۔۔۔ کھیل ہے۔

(i) انڈور　(ii) ٹریک　(iii) فیلڈ　(iv) ٹیم

2۔ جیولن کا وزن مردوں اور عورتوں کے لیے تقریباً ۔۔۔۔ ہے۔

(i) 500-600 گرام　(ii) 600-800 گرام　(iii) 800-900 گرام　(iv) 900-1000 گرام

3۔ شاٹ پُٹ میں لینڈنگ ایریا ۔۔۔۔ شکل کا ہوتا ہے؟

(i) گول　(ii) مربع　(iii) مستطیل　(iv) مخروطی

4۔ شاٹ پُٹ میں طاقت کے ساتھ ساتھ ۔۔۔۔ بھی ضروری ہے۔

(i) نیند　(ii) توازن　(iii) خوراک　(iv) آرام

5۔ لانگ جمپ میں رفتار بڑھانے کے لیے ۔۔۔۔۔۔ ضروری ہے۔

(i) دائرہ　(ii) رن وے　(iii) میدان　(iv) لائن

6۔ لانگ جمپ میں رفتار بڑھانے کے لیے ۔۔۔۔ ضروری ہے۔

(i) رن اپ　(ii) رن وے　(iii) ٹیک آف بورڈ　(iv) مینڈپٹ

7۔ لانگ جمپ میں کھلاڑی لینڈنگ کے بعد پیچھے کی طرف گر جائے ۔۔۔۔۔۔۔ کم ہو جاتی ہے۔

(i) وقت　(ii) فاصلہ　(iii) سکور　(iv) رفتار

8۔ 100m ریس کا آغاز ۔۔۔۔۔ سے ہوتا ہے۔

(i) سیٹی (Whistle)　(ii) آواز　(iii) اشارہ　(iv) گولی کی آواز (Pistol)

9۔ کھلاڑی ریس شروع کرنے کے لیے ۔۔۔۔۔۔ استعمال کرتے ہیں۔

(i) کرسی　(ii) سٹارٹنگ　(iii) جوتے　(iv) رسی

10۔ 200m ریس ۔۔۔۔۔۔ ایونٹ ہے۔

(i) آبی　(ii) ٹیم　(iii) ٹریک　(iv) فیلڈ

جوابات:

1۔ فیلڈ 2۔800-600 گرام 3۔ مخروطی 4۔توازن 5۔رن وے

6۔رن اپ 7۔ سکور 8۔ گولی کی آواز 9۔بلاکس 10۔ٹریک

4.4) سرگرمیاں: شاٹ پُٹ اور جیولن تھرو

1۔طلبہ جیولن کو صحیح طریقے سے پکڑنے کی مشق کریں۔ گرپ(Grip) کی پہچان کریں۔

- 1۔فنگر گرپ 2۔وپ گرپ
- طلبہ دوڑتے ہوئے کندھے کے اوپر سے جیولن پھینکنے کی مشق کریں۔

2۔طلبہ شاٹ پُٹ کے دائرے میں کھڑے ہوتے ہوئے شاٹ کو انگلیوں کی مدد سے گردن کے قریب صحیح پوزیشن میں رکھنا سیکھیں۔

- طلبہ دائرے میں گلائیڈ موومنٹ (Glide Movement) کی مشق کریں۔
- طلبہ لینڈنگ ایریا میں ایک مخصوص نشان مقرر کریں اور وہاں شاٹ پھینکنے کی مشق کریں۔





4.5) سرگرمی: لانگ جمپ

1۔طلبہ رن وے پر دوڑنے اور ٹیک آف کی مشق کریں۔

طلبہ سینڈپٹ (Sandpit) پر لینڈنگ کی مشق کریں۔



4.6) سرگرمیاں: 100m اور 200m دوڑ/ریس

1۔ طلبہ کو اوچ پوزیشن اور سٹارٹنگ بلاکس کا استعمال سیکھیں۔

طلبہ 100m دوڑ میں اپنی اپنی لین کی نشاندہی کریں اور ریس کے مقابلوں میں حصّہ لیں۔

2۔ طلبہ کو 400m ٹریک کے موڑ (Curve) پر دوڑنے کی مشق کروائیں تاکہ وہ توازن برقرار رکھ سکیں۔



باب پنجم

حفظان صحت



5.1) مختصر سوالات

س1: حفظان صحت سے کیا مراد ہے؟

ج: حفظان صحت سے مراد وہ اصول اور طریقے ہیں جن پر عمل کر کے انسان اپنی صحت کو برقرار رکھتا ہے اور بیماریوں سے بچتا ہے۔

س2: بیماریوں کی روک تھام کے دو طریقے بیان کریں۔

ج: 1۔گھر اور گلیوں کو صاف رکھنا چاہیے۔

2۔پینے کا پانی صاف اور اُبلا ہوا ہونا چاہیے۔

س3: ہاتھ اور ناک کی صفائی کا طریقہ لکھیں۔

ج: **ہاتھ۔**ہاتھوں کو صاف پانی سے گیلا کریں۔صابن لگائیں اور20 سیکنڈ تک اچھی طرح رگڑ کر دھوئیں۔

ناک۔صاف یا نیم گرم پانی استعمال کریں۔ٹشو یا صاف کپڑے سے پہلے ناک کا ایک نتھنا صاف کریں پھر دوسرا نتھنا صاف کریں۔

س4: دانت اور ناخن کی صفائی کا طریقہ بیان کریں۔

ج: **دانت:**نرم برش استعمال کریں۔2منٹ تک دانتوں کو اوپر سے نیچے کی جانب اور نیچے سے اوپر کی جانب رگڑیں۔صاف پانی سے کلی کریں۔

ناخن: صاف نیل کٹر (Nail Cutter) سے ناخنوں کو باقاعدگی سے کاٹیں۔ناخن کاٹنے کے بعد ہاتھوں کو صابن اور پانی سے دھوئیں۔

س5۔جلد کی صفائی کا طریقہ لکھیں۔

ج: روزانہ نہائیں۔گردن، پاؤں اور کانوں کے پیچھے کی جلد ضرور صاف کریں۔صاف کپڑے اور نرم تولیا استعمال کریں۔

س6: وضو کے فرائض / طریقہ تحریر کریں۔

ج:1۔ دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا

2۔ پورے چہرے کو دھونا

3۔ سر کا مسح کرنا

4۔ دونوں پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھونا

س7: غسل کے فرائض / طریقہ تحریر کریں۔

ج:1۔ منہ میں پانی ڈال کر اچھی طرح کلی کرنا

2۔ ناک میں پانی ڈال کر نرم حصے تک صاف کرنا

3۔ پورے جسم پر تین دفعہ پانی بہانا

5.2) درج ذیل میں سے درست جواب پر نشان لگائیں۔

1۔ صاف پانی پینے سے کیا ہوتا ہے؟

i) بیماریوں سے بچاؤ ii) صحت خراب iii) کمزوری iv) بیماری

2۔ روزانہ نہانے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

i) بدبو آتی ہے ii) صفائی رہتی ہے iii) بیماری بڑھتی ہے iv) طاقت آتی ہے

3۔ دانت صاف کرنے کا بہترین وقت ہے۔

i) شام ii) دوپہر iii) رات اور صبح iv) کبھی نہیں

4۔ صاف ماحول کس چیز کی نشانی ہے۔

i) گندگی ii) کوڑا کرکٹ iii) حفظان صحت iv) بیماری

5۔ کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد کیا کرنا چاہیے۔

i) کھیلنا ii) ہاتھ دھونا iii) سونا iv) خوش ہونا

6۔ وضو کے فرائض کتنے ہیں۔

i) 1 ii) 2 iii) 3 iv) 4

7۔ وضو کے بغیر ممکن نہیں۔

i) کھیل ii) صحت iii) کھانا iv) نماز

8۔ غسل میں پہلا فرض کیا ہے؟

i) کلی کرنا ii) سر دھونا iii) ناک صاف کرنا iv) پاؤں دھونا

جوابات:

1۔ بیماریوں سے بچاؤ 2۔ صفائی رہتی ہے۔ 3۔ رات اور صبح 4۔ حفظان صحت

5۔ ہاتھ دھونا 6۔ 4 7۔ نماز 8۔ کلی کرنا

5.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ وضو میں سر کا۔۔۔۔۔۔ کیا جاتا ہے۔

i) ڈھانپنا ii) صاف iii) مسح iv) دھونا

2۔ ناک میں پانی ڈالنے کو۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

i) وضو ii) استنشاق iii) غسل iv) مسح

3۔ روزانہ نہانا جسم کو۔۔۔۔۔۔۔ رکھتا ہے۔

i) کمزور ii) تھکا ہوا iii) گندا iv) صاف

4۔ زیادہ۔۔۔۔۔۔۔ کھانے سے دانت خراب ہوتے ہیں۔

i) نمکین ii) کھٹا iii) میٹھا iv) تیکھا

5۔ گندے ناخنوں میں۔۔۔۔۔۔۔ جمع ہو جاتے ہیں۔

i) ہوا ii) جراثیم iii) پانی iv) مٹی

6۔ ناخن چبانا۔۔۔۔ عادت ہے۔

i) بُری ii) اچھی iii) صحت مند iv) مفید

7۔ صاف جلد انسان کو۔۔۔۔۔۔ بناتی ہے۔

i) سست ii) صحت مند iii) بیمار iv) طاقتور

8۔ جلد کی صفائی کا بہترین طریقہ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

i) کھانا ii) سونا iii) نہانا iv) گندا رہنا

جوابات:

1۔ مسح 2۔ استنشاق 3۔ صاف 4۔ میٹھا 5۔ جراثیم

6۔ بُری 7۔ صحت مند 8۔ نہانا

5.4) سرگرمیاں

1۔ طلبہ کو صحیح طریقے سے ہاتھ دھونے کا عملی طریقہ دکھایا جائے۔ (صابن کے ساتھ 20 سیکنڈ تک رگڑ کر)

2۔ تصاویر کے ذریعے صاف اور گندے ماحول کا موازنہ کروایا جائے۔



3۔ تصاویر اور ویڈیو کی مدد سے وضو اور غسل کا طریقہ اور فرائض سمجھائے جائیں۔



ماڈل پیپر

فزیکل ایجوکیشن

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت (سال اول)

(تھیوری)

کل نمبر: 30 وقت: 1 گھنٹہ

حصّہ اوّل: معروضی سوالات (20 نمبر)

سوال نمبر 1۔ درست جواب پر نشان لگائیں۔ (10)

1۔ تعلیم جسمانی۔۔۔۔۔ عضلات کی حرکات اور ان سے متعلق ردّ عمل سے وابستہ ہے۔

i) کمزور عضلات ii) طاقتور عضلات iii) بڑے عضلات iv) چھوٹے عضلات

2۔ بہترین غذا بہترین صحت کی۔۔۔۔۔۔۔

i) اجازت دیتی ہے ii) ضمانت دیتی ہے iii) نشو نما دیتی ہے iv) طاقت دیتی ہے

3۔ تعلیم جسمانی کی سرگرمیاں افراد کی ذہنی، جسمانی اور سماجی۔۔۔۔۔ کرتی ہیں۔

i) اصلاح ii) ترقی iii) تنقید iv) سدھار

4۔ صحت انسان کی سب سے بڑی۔۔۔۔ ہے۔

i) نعمت ii) عبادت iii) سہولت iv) آزمائش

5۔ والی بال گیم میں کھلاڑی ہوتے ہیں۔

i) 6 ii) 10 iii) 11 iv) 12

6۔ ٹیبل ٹینس میز کی لمبائی ہوتی ہے۔

i) 6فٹ ii) 8فٹ iii) 9فٹ iv) 10فٹ

7۔ 100m دوڑ کی شروعات۔۔۔۔۔۔۔ پوزیشن سے کرتے ہیں۔

i) کراؤچ ii) بینچ iii) اسکواٹ iv) سیمی اسکواٹ

8۔ شاٹ پٹ کا عمومی وزن ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

i) 4-7kg ii) 3-5kg iii) 4-8kg iv) 6-8kg

9۔ حفظانِ صحت کا مطلب کیا ہے؟

i) بیماری روکنا ii) کھیل کود iii) آرام کرنا iv) صحت کا خیال رکھنا

10۔روزانہ نہانا کس لیے ضروری ہے؟

i) صفائی کے لیے ii) آرام کے لیے iii) تھکن کے لیے iv) نیند کے لیے

سوالنمبر2: خالی جگہ پُر کریں۔(10)

1۔جسمانی تعلیم کا مقصد جسم کو۔۔۔۔۔۔۔اور توانا بنانا ہے۔

2۔کھیل کود سے انسان میں۔۔۔۔۔۔۔۔کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

3۔جسم کو۔۔۔۔۔۔سے توانائی حاصل ہوتی ہے۔

4۔اچھی زندگی کا حاصل۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

5۔والی بال کھیل میں بال کو زیادہ سے زیادہ۔۔۔۔۔۔۔بار چھوا جاسکتا ہے۔

6۔ٹیبل ٹینس کی گیم۔۔۔۔۔۔۔۔پوائنٹس پر مشتمل ہوتی ہے۔

7۔ جی ول ن ت ھ رو م ی ں پ ھ ی ن ک ن ے ک ا ز او ی ہ ت ق ری ب اَ۔۔۔۔۔۔۔ ہ وت ا ہ ے۔

8۔لانگ جمپ کے لیے ایک مخصوص۔۔۔۔۔۔۔استعمال ہوتا ہے۔

9۔کھانا کھانے سے پہلے۔۔۔۔۔۔۔دھونے چاہئیں۔

10۔وضو کے فرائض۔۔۔ہیں۔

حصّہ دوم: انشائیہ طرز(10 نمبر)

سوالنمبر3: مندرجہ ذیل مختصر سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوال حل کریں۔(2x5=10)

1۔ ت ع ل ی م ج س م ان ی ک ی اہ م ی ت م خ ت ص ر اَ ب ی ان ک ر ی ں۔

2۔صحت مند رہنے کے کوئی سے دو اصول لکھیں۔

3۔ٹیبل ٹینس کی مہادتوں کے نام لکھیں۔

4۔200 میٹر روڈ کے دو فاؤلز لکھیں۔

5۔بیماریوں کی روک تھام کے لیے کوئی سے دو اقدامات بیان کریں۔

6۔ ق ر آن اور ت ع ل ی م ج س م ان ی ک ا ت ع ل ق م خ ت ف ر اَ ب ی ان ک ر ی ں۔

7۔صحت اور غذا کا آپسی تعلق بیان کریں۔

8۔دانتوں اور ناخنوں کی صفائی کیوں ضروری ہے؟

ماڈل پیپر

فزیکل ایجوکیشن

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت (سال اول)

(پریکٹیکل)

کل نمبر: 70 وقت: 3 گھنٹے

حصّہ اوّل: پریکٹیکل کاپی (20 نمبر)

مکمل چیک پریکٹیکل کاپی: 20 نمبر

حصّہ دوم: مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کا عملی مظاہرہ کرکے دکھائیں۔ (5x10= 50)

1۔ ٹیبل ٹینس میں فارہینڈ اور بیک ہینڈ سروس کرکے دکھائیں

یا

فارورڈرول کرکے دکھائیں۔

2۔ والی بال میں بلاکنگ کا عملی مظاہر کریں۔

یا

والی بال میں اوور ہیڈ سروس کا عملی مظاہرہ کریں۔

3۔ 100 میٹر روڈ کا آغاز کرکے دکھائیں۔

یا

بیک ورڈرول کا عملی مظاہرہ کریں۔

4۔ جیولن تھرو کا عملی مظاہرہ کریں۔

یا

وارم اپ کی روورزشیں کرکے دکھائیں۔

5۔ توازن برقرار رکھنے کی کوئی سے چار ورزشیں کرکے دکھائیں۔

یا

شاٹ پُٹ کا عملی مظاہرہ کریں۔

6۔ 200 میٹر کا اختتام کرکے دکھائیں۔

یا

جسم کو لچکدار بنانے والی ورزشیں کرکے دکھائیں۔

7۔ لانگ جمپ کا عملی مظاہرہ کریں۔

8۔ کُول ڈاؤن یا وارم ڈاؤن کی کوئی سی چار ورزشیں کرکے دکھائیں۔

==========

FINE ARTS - I

(Elective)

نصاب فائن آرٹ (اختیاری)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن (پارٹ–1)
برائے متاثرہ سماعت طلبہ وطالبات

اہداف ومقاصد:

1۔ متاثرہ سماعت طلباوطالبات کو فنون لطیفہ کی تاریخ اور مختلف جہتوں سے آگاہ کرنا۔

2۔ متاثرہ سماعت طلباوطالبات کی جمالیاتی حس کو بیدار کرنا۔

3۔ متاثرہ سماعت طلباوطالبات کی فنی صلاحیتوں کو نکھارنا۔

4۔ متاثرہ سماعت طلباوطالبات کو اپنے جذبات واحساسات کے اظہار کا موثر زریعہ فراہم کرنا۔

ضروری گزارشات:

1۔ اساتذہ کرام متاثرہ سماعت طلباوطالبات کی اہلیت کو مد نظر رکھتے ہوے مختصر مگر جامع جوابات تحریر کروائیں۔

2۔ ممتحن حضرات پرچہ جات کی ترتیب اور مارکنگ کے دوران متاثرہ سماعت طلباوطالبات کی اہلیت اور یاداشت کو مد نظر رکھیں۔

3۔ پرچہ جات کی ترتیب دیئے گیئے نصاب اور ماڈل پیپر کے مطابق ہی کی جائے۔

امتحانی پرچہ میں نمبروں کی تقسیم کا خاکہ

کل نمبر		100
معروضی طرز		10
انشائیہ طرز		20
	مختصر سوالات	2x5
	تفصیلی سوالات	5x2
پریکٹیکل		70
	آرٹ ورک نمائش	10
	عملی امتحان	60

فہرستِ ابواب

باب1: آرٹ اور ڈیزائن کے جز:

1. لائن
2. رنگ
3. شیپ
4. ٹیکسچر
5. فارمز

باب2: قدیم ترین عہد سنگ:

1. پرانا پتھر کا زمانہ
2. وسطی پتھر کا زمانہ
3. نیا پتھر کا زمانہ
4. Dolmen
5. Menhir
6. انسان Primitive & Prehistoric
7. مجسمہ سازی
8. پاکستان میں عہد سنگ

باب3: مصر کی تہذیب

1. مصر کا فنِ تعمیر
2. اہرام
3. Mastabas
4. مصری مجسمہ سازی
5. مصری تصویر کشی

باب اول: آرٹ اور ڈیزائن کے جز

Chapter 1: Elements of Art and Design

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1۔ آرٹ سے کیا مراد ہے؟

2۔ ڈیزائن کسے کہتے ہیں؟

3۔ آرٹ اور ڈیزائن میں کیا فرق ہے؟

4۔ آرٹ یا ڈیزائن کے عناصر یا اجزاء کیا ہیں؟

5۔ رنگوں کی اقسام کیا ہیں۔

6۔ واٹر کلر یا آبی کلر کون سے ہیں؟

7۔ پرائیمری کلر یا بنیادی کلر کون سے ہیں؟

8۔ ثانوی رنگ کسے کہتے ہیں؟

9۔ مربع یا مستطیل اشکال کسے کہتے ہیں؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ ڈرائنگ کی بہتری کے لیے لائینوں کی پریکٹس کی جاتی ہے۔

2۔ عمودی لائین 90° کا زاویہ بناتی ہے۔

3۔ کسی بھی ڈیزائن کو بنانے کے لیے ایک طرح کی بنیادیات استعمال کی جاتی ہے۔

4۔ کسی بھی ڈیزائن والا حصہ منفی حصہ کہلاتا ہے۔

5۔ کونو والی شیپ ایک ٹکڑے کی طرح ہوتی ہے۔

6۔ ٹیکسچر عام طور پر پانچ طرح کے ہوتے ہیں۔

7۔ آرٹ میں فارم کا مطلب ایسی چیز ہے جس میں ساری ساخت نظر آئیں

8۔ کسی بھی ڈیزائن والا حصہ منفی حصہ کہلاتا ہے

9۔ ڈیزائن دو یا اس سے زیادہ عناصر کا آپس میں تعلق ہوتا ہے۔

10۔ حرکات کا ایک بار دوہرایا گیا پیٹرن ہم آہنگی کہلاتا ہے۔

خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ کپڑے میں افقی رخکی _____ والا ڈیزائن بہتر رہے گا۔

(لائینوں)

2۔ ڈرائنگ میں مختلف _____ کی پنسلیں کام کی نوعیت کے حساب سے استعمال کی جاتی ہیں۔

(اقسام)

3۔ کوئی بھی لائین جو **بالکل** _____ کھینچی جائے سیدھی لائن کہلاتی ہے۔

(سیدھی)

4۔ ہڈیوں کے اوپر جسم کی _____ بنانے کو جسامت کہا جاتا ہے۔

(ساخت)

5۔ انسان جسم جوڑوں اور _____ پر مشتمل ہے۔

(ہڈیوں)

6۔ لڑکی کی فگر ڈرائنگ ایک عام _____ سے لمبی اور پتلی ہوتی ہے۔

(فگر ڈرائنگ)

7۔ سر پورے جسم کا _____ حصہ ہوتا ہے۔

(آٹھواں)

8۔ ترچھی لائین _____ ہوتی ہے۔

(غیر متوازی)

9۔ شیپ بنیادی _____ کو کہتے ہیں۔

(شکلوں)

10۔ کونوں والی _____ ایک ٹکڑے کی مانند ہوتی ہے۔

(شیپ)

باب دوم: قدیم ترین عہد سنگ

Chapter 2: Paleolithic

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1۔Paleolithic دور سے کیا مراد ہے؟

2۔ Neolithic دور سے کیا مراد ہے؟

3۔ Dolmens کیا ہیں؟

4۔ Prehistoric & Primitive انسانوں پر نوٹ لکھیں۔

5۔پتھر کے زمانے کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ان کے نام لکھیں۔

6۔ مجسمہ سازی کسے کہتے ہے؟

7۔ Menhirs کیا ہیں؟

8۔پتھر کے دور میں بنائی گئی تصویروں کے موضوعات کیا تھے؟

9۔پاکستان میں Neolithic دور کی سب سے قدیم بستی کہاں تھی؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ جلد میں سوئی چبھو کر اس میں رنگ بھرنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟

د۔dying ج۔stylizing ب۔ ✓ tattooing ا۔painting

2۔ کسی قدرتی چیز کو سادہ بنا کر ڈیزائن کی صورت میں ڈھالنا کہلاتا ہے؟

د۔ ✓ stylizing ج۔dying ب۔painting ا۔tattooing

3۔ فتح کی یادگار کے طور پر زمی نمیں گاڑے جاتے تھے؟

د۔statu ج۔pillar ب۔ ✓ menhir ا۔dolmen

4۔ Paleolithic کا مطلب کیا ہے؟

د۔لوہے کا دور ج۔ سائنسی دور ب۔ پرانا پتھر کا دور ✓ ا۔ جدید دور

5۔ Neolithic کا مطلب کیا ہے؟

د۔ برفانی دور ج۔ درمیانی دور ب۔ سائنسی دور ا۔ نیا پتھر کا دور ✓

6۔ پتھر کے دور میں زیادہ تر مجسمے بنائے گئے؟

د۔ دیوتاؤں کے　　ج۔ مردوں کے　　ب۔ عورتوں کے ✓　　ا۔ جانوروں کے

7۔ پتھر کے دور میں تصویر کشی کی گئی؟

د۔ میناروں پر　　ج۔ عبادت گاہوں میں　　ب۔ غاروں میں ✓　　ا۔ گھروں میں

8۔ پرانی قبروں کو کیا کہا جاتا ہے؟

د۔mastaba　　ج۔temple　　ب۔menhir　　ا۔ ✓ dolmen

9۔ پتھر کے زمانے کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟

د۔ پانچ　　ج۔ چار　　ب۔ تین ✓　　ا۔ دو

10۔ Neolithic دور میں انسان کی سب سے بڑی کامیابی کیا تھی؟

د۔ برتن سازی　　ج۔ کھیتی باڑی ✓　　ب۔ مصوری　　ا۔ مجسمہ سازی

باب سوم: مصر کی تہذیب

Chapter 3: Egyptian Civilization

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1۔ اہرام (Pyramids) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

2۔ Mastabas پر نوٹ لکھیں۔

3۔ مصری تصوی کشی پر نوٹ لکھیں۔

4۔ مصری تہذیب کتنے ادوار میں تقسیم کی گئی ہے؟ ان کے نام لکھیں۔

5۔ مصری فنِ تعمیر میں کتنی قسم کی عمارتیں بنائی جاتی تھیں؟ ان کے نام لکھیں۔

6۔ اہرام (Pyramids) کی کتنی اقسام ہیں؟ ان کے نام لکھیں۔

7۔ مصری مجسمہ سازی میں کتنی قسم کی تکنیک استعمال کی جاتی تھیں؟

8۔ مصری تصوی کشی کے موضوعات کیا تھے؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ Great Pyramid کس مصری بادشاہ نے تعمیر کروایا؟

ا۔ خوفو ✓ ب۔ خفرع ج۔ کاموس د۔ خابا

2۔ بادشاہ خوفو کا Great Pyramid کہاں واقع ہے؟

ا۔ سقارہ ب۔ غیزہ ✓ ج۔ ابوصیر د۔ لشٹ

3۔ مستباس (Mastabas) کا لفظی مطلب کیا ہے؟

ا۔ سیڑھی ب۔ میز ج۔ ڈیسک ✓ د۔ بستر

4۔ مصر میں غیر حقیقی مجسمے بنائے گئے؟

ا۔ قدیم بادشاہت میں ✓ ب۔ جدید بادشاہت میں ج۔ وسطی بادشاہت میں د۔ کبھی نہیں

5۔ قدیم مصر کی تحریر کو کیا کہتے ہیں؟

ا۔ خطاطی ب۔ تصویری رسم الخط ج۔ ہیروگلفس ✓ د۔ آئیکونوگرافی

6۔ مصری تہذیب کتنے ادوار میں تقسیم کی گئی؟

د۔ پانچ　　ج۔ چار　　ب۔ تین ✓　　ا۔ دو

7۔ اہرام مصر کس کے لیے تعمیر کیے جاتے تھے؟

د۔ فوجیوں کے لیے　　ج۔ عوام کے لیے　　ب۔ وزیروں کے لیے　　ا۔ بادشاہوں کے لیے ✓

8۔ مصری تہذیب میں مندروں کی تعمیر کس دور میں ہوئی؟

د۔ کبھی نہ　　ج۔ وسطی بادشاہت میں　　ب۔ جدید بادشاہت میں　　ا۔ قدیم بادشاہت میں

9۔ مصری تصویر کشی میں کون سے رنگ استعمال کیے جاتے تھے؟

د۔ پوسٹر کلرز　　ج۔ پنسل کلرز　　ب۔ آئل کلرز　　ا۔ واٹر کلر ✓

10۔ مصری تصویر کشی کس چیز پر کی جاتی تھی؟

د۔ لکڑی پر　　ج۔ کینوس پر　　ب۔ کاغذ پر　　ا۔ دیواروں پر ✓

نصاب: پریکٹیکل فائن آرٹس (اختیاری)
(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن پارٹ– 1)
برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

1۔ لائن اور مختلف اشکال

2۔ پنسل سے شیڈنگ کرنے کے طریقے

3۔ ٹائل ڈیزائن

4۔ سٹل لائف مختلف رنگوں کے طریقوں سے

5۔ مختلف اشیاء مثلاً کپ، بوتل، کتاب وغیرہ کو سامنے رکھ کر سٹل لائف بنائیں۔

6۔ شرٹ پر ڈیزائن بنا کر رنگ کریں۔

ماڈل پیپر فائن آرٹس (اختیاری)

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن پارٹ– 1)

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

وقت: 1 گھنٹہ

کل نمبر: 30

حصہ معروضی

کل نمبر:10

ہدایات: درست جواب کا انتخاب کریں۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C ، D دیے گئے ہیں۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ہر سوال ایک نمبر کا ہے۔

1۔ جلد میں سوراخ کر کے اس میں رنگ بھرنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں:

(A) Painting (B) Tattooing (C) Stylizing (D) Dyeing

2. Paleolithic کا مطلب ہے:

(A) New age (B) Old stone age (C) Scientific age (D) Iron age

3۔ موہنجوداڑو کس صوبے سے دریافت ہوا؟

(A) Punjab (B) Sindh (C) KPK (D) Balochistan

4. Great Pyramid کس مصری بادشاہ نے تعمیر کروایا؟

(A) Khufu ✓ (B) Khafra (C) Kamose (D) Khaba

5. قدیم مصری رسم الخط کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) Calligraphy (B) Hieroglyphs (C) Pictography (D) Iconography

6. وادیٔ سندھ کی تہذیب کے دو اہم مراکز کون سے تھے؟

(A) Mohenjo-daro & Harappa (B) Murre & Swat (C) Karachi & Hyderabad (D) Rawalpindi & Islamabad

7. قدیم قبروں کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) Dolmen (B) Menhir (C) Temple (D) Mastaba

8. مصری تہذیب کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

(A) 2 periods (B) 3 periods (C) 4 periods (D) 5 periods

9. وادیٔ سندھ کی تہذیب کا اہم حصہ کس شکل میں دریافت ہوا؟

(A) Dresses (B) Seals (C) Gold (D) Sculpture

10. پتھر کے دور میں زیادہ تر مجسمے کس کے ہوتے تھے؟

(A) Animals

(B) Women

(C) Men

(D) Gods

حصہ انشائیہ

کل نمبر: 20

درج ذیل میں سے کسی بھی پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ **5×2=10**

س1۔ پتھر کے زمانے کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ نام لکھیں۔

س2۔ مجسمہ سازی کسے کہتے ہیں؟

س3۔ اہرام (Pyramids) کتنی اقسام کے ہیں؟ نام لکھیں۔

س4۔ ٹیراکوٹا (Terra Cotta) کسے کہتے ہیں؟

س5۔ وادیٔ سندھ کی تہذیب کے دو اہم مقامات کے نام لکھیں۔

س6۔ موہنجوداڑو اور ہڑپہ کے غلیکے گوداموں میں کیا فرق تھا؟

س7۔ مصری مجسمہ سازی میں کتنی قسم کی تکنیک استعمال کی گئیں؟

س8۔ Menhirs کیا ہیں؟

درج ذیل میں سے کسی بھی دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ **5×2=10**

س1۔ Paleolithic دور سے کیا مراد ہے؟

س2۔ اہرام (Pyramids) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

س3۔ وادیٔ سندھ کی مجسمہ سازی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

س4۔ ڈولمنز (Dolmens) کیا ہیں؟

ماڈل پیپر پریکٹیکل فائن آرٹس (اختیاری)

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن پارٹ– 1)

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

وقت: تین گھنٹے

کل نمبر: 70

عملی امتحان: 60

آرٹ ورک نمائش: 10

س1۔ ٹائل کا ڈیزائن بنا کر رنگ کریں۔

یا

س2۔ شرٹ پر ڈیزائن بنا کر رنگ کریں۔

DRESS DESIGNING
& DRESS MAKING - I
(Elective)

نصاب ڈریس میکننگ اینڈ ڈریس ڈیزائننگ (اختیاری)۔

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن-پارٹ1)

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

اہداف ومقاصد۔

1. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کو کٹائی سلائی کی اہمیت سے روشناس کروانا۔
2. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کو کٹائی سلائی میں عملی مہارت مہیا کرنا۔
3. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کی معاشرے کے کار آمد شہری بننے میں معاونت کرنا۔

ضروری گزارشات:

1. اساتذہ کرام طلباء وطالبات کی اہلیت کو مد نظر رکھتے ہوئے مختصر مگر جامع جوابات تحریر کروائیں۔
2. اساتذہ کرام پرچہ جات کی ترتیب اور مارکنگ کے دوران متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کی اہلیت اور یاداشت کو مد نظر رکھیں۔
3. پرچہ جات کی ترتیب دیے گئے نصاب اور ماڈل پیپرز کے مطابق ہی کی جائے۔

امتحانی پرچہ میں نمبروں کی تقسیم کا خاکہ

کل نمبر		100	
معروضی طرز		10	
انشائیہ طرز		20	
	مختصر سوالات		2x5
	تفصیلی سوالات		10x1
پریکٹیکل		70	
	عملی کام (کاپی)		10
	عملی امتحان		60

فہرستِ ابواب

باب اوّل: جانگیے

باب دوم: بب، فیڈر

باب سوم: بےبی فراک

باب چہارم: رومپر

باب پنجم: پاجامے

باب ششم: کرتے

باب ہفتم: زنانہ شلوار قمیض

باب اول: جانگیے

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیجیے۔

1۔ سادہ جانگیے کا ڈرافٹ بنائیں۔

2۔ الاسٹک والے جانگیے کا پرٹین بنائیں۔

3۔ ناپ لیتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے

1۔ ڈرافٹنگ کے لیے ضروری اشیاء کی فہرست بنائیں۔

2۔ جانگیے کی اقسام بتائیں۔

3۔ ترپائی کہاں کی جاتی ہے؟

4۔ سادہ جانگیے اور الاسٹک والے جانگیے میں فرق بتائیں۔

5۔ مارکے کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں

1۔ کس جانگیے میں کمر کی شیپ ہوتی ہے؟-

i. سادہ ii. تکون iii. الاسٹک والا iv. فرل والا

2۔ ایک سال کے بچے کا ہپ سائز:

i. 46cm ii. 47cm iii. 48cm iv. 49cm

3۔ ایک سال کے بچے کے سادہ جانگیے کی لمبائی:

i. 10cm ii. 20cm iii. 25cm iv. 30cm

4۔ جسکا ناپ لینا ہو اسے:

i. بٹھادیں ii. لیٹادیں iii. سیدھا کھڑا کریں iv. الٹا کھڑا کریں

جوابات۔

1. الاسٹک والا 2. 46cm 3. 20cm 4. سیدھا کھڑا کریں

باب دوم۔بب، فیڈر

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں

1. ۔بب کا پترن کاٹیں۔
2. فیڈر کا ڈرافٹ بنائیں۔
3. ناپ لینے کا طریقہ بیان کریں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں

1. بب اور فیڈر میں فرق بتائیں۔
2. بب کتنے ڈیزائن کے بنائے جاتے ہیں؟
3. سٹینڈرڈ سائز کسے کہتے ہیں؟
4. بخیہ ٹانکا کیسے لگاتے ہیں؟

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں

1۔بب کے گلے کی گہرائی ہوتی ہے؟

i. 3.7 cm ii. 5.7cm iii. 7.7 c m iv. 9.7cm

2۔بب کے گلے کی چوڑائی ہوتی ہے؟

i. 5.4 cm ii. 6.4 cm iii. 7.4 cm iv. 8.4 cm

3۔بب کے ڈیزائن ہوتے ہیں۔

i. دو ii. تین iii. چار iv. پانچ

4۔جو سائز ماہرین کے مقرر کردہ معیار کے مطابق ہوں، کہلاتے ہیں؟

i. نارمل ii. سٹینڈرڈ iii. ابنارمل iv. مشہور

جوابات:

1. 7.7cm 2. 6.4cm 3. تین 4. سٹینڈرڈ

باب سوم: بے بی فراک

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

1. باڈی فراک کا ڈرافٹ بنائیں۔
2. یوک فراک کا پیٹرن کاٹیں۔
3. اے لائن فراک کا ڈرافٹ بنائیں۔
4. امبریلا فراک کا پیٹرن کاٹیں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1. یوک فراک اور باڈی فراک میں فرق بتائیں۔
2. یوک فراک کی کتنی اقسام ہیں؟
3. امبریلا فراک کی فرل بنانے کا طریقہ لکھیں۔
4. اے لائن فراک کا کپڑا لینے کا طریقہ بیان کریں۔

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1۔ فراک کتنی اقسام کے ہوتے ہیں؟

iv. چار　　iii. تین　　ii. دو　　i. ایک

2۔ چنٹ کے بغیر باڈی والا فراک کیا کہلاتا ہے؟

iv. اے لائن فراک　　iii. امبریلا فراک　　ii. یوک فراک　　i. باڈی فراک

3۔ ایک سال کی بچی کی سٹینڈرڈ سائز فراک کی لمبائی:

iv. 46cm　　iii. 40cm　　ii. 35cm　　i. 30cm

4۔ ایک سال کی بچی کی باڈی فراک کے گلے کی گہرائی:

iv. 8cm　　iii. 7cm　　ii. 6cm　　i. 5cm

جوابات۔

4. 6cm　　3. 46cm　　2. امبریلا فراک　　1. چار

باب چہارم۔ رومپر

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں

1. رومپر کا ڈرافٹ بنائیں۔
2. رومپر کا پرٹفن کاٹیں۔
3. ڈرافٹنگ میں سکیل کی اہمیت لکھیں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں

1. پرٹلن کسے کہتے ہیں؟
2. سکیل نکالنے کا طریقہ لکھیں۔
3. کاج کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟
4. . مردانہ اور بچگانہ ڈرافٹ میں سلائیوں کا ہک اندر کیوں جمع کیا جاتا ہے؟

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں

1۔کاروبار سطح پر کام کرتے ہوئے پرٹسن بنایا جاسکتا ہے.

i. خاکی کاغذ پر　　ii. باکس بورڈ پر　　iii. گڈی کاغذ پر　　iv. اخبار پر۔

2۔پرٹین کسے کہتے ہیں؟

i. لباس کا خاکہ　　ii. گھر کا نقشہ　　iii. سکول کا نقشہ　　iv. عمارت کا نقشہ

3۔کاج کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

i. دو　　ii. تین　　iii. چار　　iv. پانچ

4۔مردانہ اور بچگانہ ڈرافٹ میں سلائیوں کا ہک جمع کیا جاتا ہے۔

i. ایک پوائنٹ　　ii. دو پوائنٹ　　iii. تین پوائنٹ　　iv. چار پوائنٹ

جوابات۔

1. باکس بورڈ.　　2. لباس کا خاکہ　　3. دو　　4. دو پوائنٹ

باب پنجم پاجامے

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

1. سادہ پاجامے کا پرٹون کاٹیں۔
2. سکئیر کٹ پاجامے کا ڈرافٹ بنائیں۔
3. فٹنگ کسے کہتے ہیں؟

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1. پاجامے کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟
2. سکئیر کٹ پاجامہ اور تھیلا کٹ پاجامہ بنانے کا فرق بتائیں۔
3. ابنارمل اور نارمل سائز میں کیا فرق ہے؟
4. ڈیزائن اور فیشن سے کیا مراد ہے؟

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1۔ سکئیر کٹ پاجامہ کس طرح کے کپڑے پر بنایا جاتا ہے؟

i. سادہ ii. ترچھہ iii. تکون iv. چوکور

2۔ چوڑی دار پاجامے کا نیچے سے پائینچہ کتنا ہوتا ہے؟

i. 4.5cm ii. 5.5cm iii. 6.5cm iv. 7.5cm

3۔ فٹنگ والا پاجامہ کون استعمال کرتے ہیں؟

4۔ فٹنگ کہا جاتا ہے۔

i. لباس کے رنگ کو ۔ ii. لباس کی تراش خراش کو iii. لباس کی قیمت کو iv. لباس کی کوالٹی کو۔

جوابات۔

1. تکون
2. 7.5cm
3. مرد اور عورت دونوں
4. لباس کی تراش خراش کو

باب ششم۔ کرتے

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں

1. لوز دیسی کرتے کا ڈرافٹ بنائیں۔
2. فٹنگ والے کرتے کا پرٹٹن کاٹیں۔
3. بنگالی کرتے کا ڈرافٹ بنائیں۔
4. زنانہ لباس میں فٹنگ کا طریقہ واضح کریں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں

1. کرتے کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟
2. زنانہ اور مردانہ کرتے میں کیا فرق ہوتا ہے؟
3. کالر کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟ اور یہ کس لباس میں استعمال ہوتے ہیں؟
4. ٹیلرنگ میں کٹائی کی اہمیت بیان کریں۔

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1۔لوز کرتا کس موسم کا لباس ہے؟

i. گرمی　　ii. سردی　　iii. بہار　　iv. گرمی سردی دونوں

2۔مردانہ کرتے کی پٹی کس طرف ہوتی ہے؟

i. دائیں　　ii. بائیں　　iii. درمیان میں　　iv. سائیڈ پر

3۔کرتوں کے بازو ہوتے ہیں۔

i. نارمل　　ii. لوز　　iii. فٹنگ والے　　iv. فرل والے

4۔لیڈیز قمیض کی فٹنگ میں ڈاٹ کا سب سے چوڑا حصہ کہاں فٹ کیا جاتا ہے؟

i. کمر پر　　ii. چھاتی پر　　iii. پیٹ پر　　iv. کولہے پر

جوابات

1. گرمی　　2. بائیں　　3. لوز　　4. کمر پر

باب ہفتم: زنانہ شلوار قمیض

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

1. لیڈیز قمیض کا ڈرافٹ بنائیں۔
2. لیڈیز قمیض کا پترن کاٹیں۔
3. شلوار کا ڈرافٹ بنائیں۔
4. مختلف قسم کے آستین کا ڈرافٹ بنائیں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں

1. لیڈیز قمیض کے گلے کی چوڑائی بتائیں۔
2. لیڈیز قمیض کے فرنٹ گلے کی گہرائی بتائیں۔
3. شلواریں کتنی قسم کی ہوتی ہیں؟ نام بتائیں۔
4. پلیٹ کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟ نام بتائیں۔

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں

1. 46 سینٹی میٹر کی شلوار کتنی عمر کے بچے کو آئے گی؟

i. ایک سال ii. دو سال iii. تین سال iv. چار سال

2. لیڈیز شلوار کی بیلٹ کی لمبائی کتنی ہو گی؟

i. 7 inch ii. 8 inch iii. 9 inch iv. 10 inch

3. لیڈیز قمیض کی گدی سے کمر تک کتنی لمبائی ہو گی؟

i. 30.5 cm ii. 32.5 cm iii. 35.5 cm iv. 39.5 cm

4. شلواریں کتنی قسم کی ہوتی ہیں؟

i. تین ii. چار iii. پانچ iv. چھ

جوابات:

1. ایک سال 2. 8 inch 3. 39.5 cm 4. چھ

نصاب پریکٹیکل ڈریس میکنگ اینڈ ڈریس ڈیزائننگ (اختیاری)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن- پارٹ 1

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

س۔1 تین قسم کے جانگیوں کا ڈرافٹ بنائیں، پیٹرن کاٹیں اور سلائی کریں۔

الاسٹک والا، سادہ اور تکون

س۔2 بب اور فیڈر کا ڈرافٹ بنائیں، پیٹرن کاٹیں اور سلائی کریں۔

س۔3 تین قسم کے بے بی فراک کا ڈرافٹ بنائیں، پیٹرن کاٹیں اور سلائی کریں۔

یوک، امبریلا اور باڈی فراک۔

س۔4 رومپر کا ڈرافٹ بنائیں، پیٹرن کاٹیں اور سلائی کریں۔

س۔5 دو قسم کے پاجاموں کا ڈرافٹ بنائیں پیٹرن کاٹیں اور سلائی کریں۔

سادہ، فٹنگ والا

س۔6 کرتوں کے ڈرافٹ بنائیں پیٹرن کاٹیں اور سلائی کریں۔

لوز کرتا، فٹنگ والا کرتا اور بنگالی کرتا۔

س۔7 چوڑی پاجاموں کے ڈرافٹ بنائیں پیٹرن کاٹیں اور سلائی کریں۔

تھیلا کٹ، سکئیر کٹ اور سادہ

س۔8 مختلف ڈیزائننگ میں زنانہ قمیصوں کا ڈرافٹ بنائیں پیٹرن کاٹیں اور سلائی کریں۔

ماڈل پیپر ڈریس میکینگ اور ڈریس ڈیزائننگ (اختیاری)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن- پارٹ 1

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

حصہ معروضی

کل نمبر10:

وقت: 15منٹ

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں-جو ابیکا پیپر در ستجواب پر (✓) کا نشانلگایئے- 10x1

نوٹ: ایکسے زیادہ جواب پر نشانلگانے یا کاٹکر لکھنے کیصورت پر مذکور ہجواب غلط تصور ہو گا

1. ایک سال کے بچے کا چیسٹ سائز:

.46cm.1 .47cm.2 .48cm.3 48cm.4

2. جو سائز ماہرین کے مقرر کردہ معیار کے مطابق ہوں، کہلاتے ہیں:

4. مشہور سائز 3. ابنارمل سائز 2. سٹینڈرڈ سائز 1. نارمل سائز

3. لیڈیز کمیض میں ڈاٹ کام سب سے چھوٹا حصہ کہاں فٹ کیا جاتا ہے؟

4. کولہے پر 3. پیٹ پر 2. چھاتی پر 1. کمر پر

4. مردانہ اور بچگانہ ڈرافٹ میں سلائیوں کا ہق جمع کیا جاتا ہے:

4. چار پوائینٹ 3. تین پوائینٹ 2. دو پوائینٹ 1. ایک پوائینٹ

5. چوڑی دار پاجامے کا پائنچہ کتنا ہوتا ہے؟

.4.5cm .1 .5.5cm .2 .6.5cm .3 .7.5cm .4

6.ڈھیلا کرتا کس موسم کا لباس ہے؟

4.گرمی سردی دونوں 3.بہار 2.سردی 1.گرمی

7.بب کے گلے کی چوڑائی ہوتی ہے:

1. 5.4cm
2. 6.4cm
3. 7.4cm
4. 8.4cm

8. 46cm کی شلوار کتنی عمر کے بچے کو آئے گی؟

1. 4سال
2. 1سال
3. 3سال
4. 2سال

9. لیڈیز قمیض کی گدی سے کمر تک کتنی لمبائی ہو گی؟

1. 30.5. cm
2. 32.5 cm
3. 35.5cm
4. 39.5cm

10.پرٹmن کسے کہتے ہیں؟

1. ڈرافٹ بنا کر کٹنگ کرنا
2. گھر کا نوشی
3. عمارت کا نوشی
4. سکول کا نوشی

حصہ انشائیہ۔

کل نمبر: 20

وقت: 45منٹ

مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیں۔ **5x2**

س۔1 ڈرافٹنگ کے لیے مختلف اشیاء کی فہرست بنائیں

س۔2 سٹینڈرڈ سائز کسے کہتے ہیں؟

س۔3 مارکے کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

س۔4 پیٹرن کسے کہتے ہیں؟

س۔5 مارکے کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

س۔6 زنانہ اور مردانہ کرتے میں کیا فرق ہے؟

س۔7 لیڈیز قمیض کے فرنٹ گلے کی گہرائی بتائیں.

س۔8 بب اور فیڈر میں فرق بتائیں۔

مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے ایک سوال کا جواب دیں۔ **10x1**

س۔1 باڈی فراک کا ڈرافٹ بنائیں۔

س۔2 سادہ پاجامے کا پترن کاٹیں۔

س۔3 ناپ لیتے وقت کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

ماڈل پیپر پریکٹیکل اور ڈریس ڈیزائننگ (اختیاری)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن- پارٹ 1

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

کل نمبر 70 وقت: 3 گھنٹے

کاپی نمبر: 10

عملی کام نمبر: 60

مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی ایک سوال کا جواب دیں۔

س۔1 تین سالہ بچی کے لیے جدید فیشن کے مطابق لوز دیسی کرتا تیار کریں۔ ساتھ ڈرافٹ بھی نتھی کریں۔

س۔246 سینٹی میٹر چھاتی کا باڈی فراک سی کر تیار کریں۔